جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: جناب والا، جن علاقوں کے بارے میں این او سی نہیں ملا ہے یا جن کے بارے میں ملا ہے کیا ان کے نام بتا سکیں گے۔

چوہدری نثار علی خان: جناب والا، میں off hand تو نہیں بتا سکتا اگر معزز رکن چاہیں تو سیشن کے فوراً بعد ان کو بتا سکتا ہوں اور تمام انفارمیشن مہیا کر سکتا ہوں۔

سیّد فصیح اقبال: جناب والا، میں پانچ چھ سال سے اسی قسم کی باتیں سنتا رہا ہوں کاکڑ خراسان اور اس وقت بلہری کے قریب او جی ڈی سیکسن یا آئل کے لئے drilling شروع کی ہوئی ہے میرا خیال ہے کہ اس سال بلوچستان میں کوئی سترہ علاقے identity ہوئے ہیں۔ مسئلہ یہ ہے کہ وہاں ٹرائیبل حالات ہیں وہاں customary lows ہیں، اس لئے ان کو بھی چاہئے کہ وہاں council of elders کے ساتھ مل کر بات چیت کریں جہاں صوبائی حکومت کا مسئلہ ہے وہاں مقامی حالات کا بھی مسئلہ ہے۔ میرا خیال ہے کہ بلوچستان کا کوئی آدمی نہیں چاہتا کہ بلوچستان ترقی یافتہ نہ ہو۔ آئل کے ذخائر گوادر سے لے کر ژوب تک موجود ہیں۔ اب یہ کام ان کا ہے کہ وہاں drilling کریں۔ ۱۷ مقامات جو identity ہوئے ہیں ان میں سے تین پر او جی ڈی سی نے کام شروع کیا ہوا ہے کوئٹہ میں بلیلی ایئرپورٹ کے قریب سمنگلی او جی ڈی سی نے ڈرلنگ شروع کی ہوئی ہے۔ اگر وزیر صاحب ہمیں اپنے دفتر میں صرف بلوچستان کے بارے میں بریفنگ دیں تو ہم ان کو کئی نئی چیزیں بھی بتا سکیں گے کیونکہ ساری چیزیں اس سوال کے حوالے سے نہیں کہی جا سکتی ہیں۔

(مداخلت)

چوہدری نثار علی خان: جناب والا، بڑی اچھی تجویز آئی ہے۔ ہم بلوچستان سے متعلقہ اراکین کو بریفنگ دینے کا ایک انتظام کر دیتے ہیں میں خود بھی اس میں موجود ہوں گا۔ اس میں وہ جو بھی تجاویز دیں گے ان کو ہم نہ صرف تجاویز کی حد تک لیں گے بلکہ اراکین کو اس میں involve کرنے کی بھی کوشش کریں گے تاکہ یہ ہمارا سارا کام سہل کر سکیں۔

جناب والا، ہم اپنے طور پر کوششیں کر چکے ہیں، جیسے میں نے کہا ہے کہ میں خود دو دفعہ ٹیمیں بھیج چکا ہوں صوبائی وزیر اعلیٰ اور جو کابینہ ہے ان کو انہوں نے بریف کیا ہے

ہم نے مختلف ٹرائب کے elders سے بھی بات چیت کی ہے، مگر دو issues ہیں۔ (ا) یہ ہے کہ جب ایک نئی کمپنی کسی ایک علاقے میں آتی ہے تو وہاں پر وہ پیسے خرچ کرتی ہے، اب یہ کوئی بات گارنٹی سے نہیں کہی جاسکتی کہ وہاں تیل یا گیس ہے یا نہیں، پہلے وہ وہاں آکر اپنی investment کرتے ہیں، اپنے پیسے خرچ کرتے ہیں۔ اب اگر انہیں یہ کہا جائے کہ ایک تو یہاں آپ انوسٹمنٹ کریں اور ایک یہاں کے ٹرائبل elders کو مزید پیسے دیں تو اس بات پر وزارت ان کو سپورٹ نہیں کر سکتی۔

ہاں، وہاں تیل یا گیس نکلے تو پھر یقیناً ہم نے اس بات کو پٹرولیم پالیسی کا حصہ بنایا ہوا ہے کہ وہاں کے جو لوکل ہیں، جن میں ٹرائبل یقیناً شامل ہیں، ان کو سوشل ڈیویلپمنٹ پلان کے ذریعے پیسے دیں گے۔ یہ تو ایک بات ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ کسی علاقے میں جایا جائے جہاں ان پہ tribal system ہے والد صاحب کہیں گے کہ جناب دو کروڑ تو مجھے دو، دو کروڑ تو انہیں دیں، اس کے لڑکے آ جائیں گے وہ کہیں کہ نہیں نہیں، یہ تو ہمیں قبول نہیں ہے اگر آپ نے یہاں کام کرنا ہے تو تین کروڑ روپے ہمیں دو۔ اب یہ سلسلہ ختم ہو تو ایک اور sub\tribe آجائے وہ کہے کہ ہم اس ٹرائب کا حکم نہیں مانتے ہیں، چار کروڑ ہمیں دو۔ جناب اس طریقے سے کام نہیں چل سکتا اور آج تک یہی ہوتا رہا ہے۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: ایک ضمنی سوال ہے۔

جناب چیئرمین: مندوخیل صاحب، بہت سوال ہو چکے ہیں۔ آپ تشریف رکھیں، ابراہیم خان نے بھی ایک سوال پوچھنا ہے۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: کیا وزیر صاحب بتائیں گے کہ کیا صوبہ سرحد میں بھی کوئی جگہ ان کے سامنے آئے ہیں جہاں exploration کے نتائج حوصلہ افزاء نکلے ہیں۔

چوہدری نثار علی خان: ہاں پر کوئی areas میں ہمارا seismic بھی ہے، کئی جگہ

drilling بھی ہوئی ہے، کوہاٹ کے پاس ڈرلنگ drilling بھی ہوئی ہے او جی ڈی سی نے بھی ڈرلنگ کی ہے اور ایک باہر کی کمپنی ہے AMOCO بھی کر رہی ہے فرنٹیئر بھی ایسا علاقہ ہے جہاں اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے ہم نے چاہا ہے کہ وہاں بھی ڈرلنگ ہو تاہم ابھی تک فرنٹیر میں کوئی discovery نہیں ہوئی مگر ہم پر امید ہیں کہ انشاءاللہ وہاں تیل یا گیس کا کوئی نہ کوئی ذخیرہ ضرور ہے۔

جناب چیئرمین: بہر حال اگلے سوال پر جاتے ہیں اس پر بہت سوال پوچھے جا چکے ہیں۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: جناب والا! جہاں تک کولہوا ایجنسی کا تعلق ہے اس کی بات اپنی جگہ پر ہے لیکن باقی صوبے میں ٹرائبل کا کم از کم ایسا مسئلہ نہیں ہے کہ وہ پیسے مانگیں۔ کوئی بھی ایسا نہیں ہے۔ ایک بات۔

جناب چیئرمین: سوائے کولہو کے۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: میں ان کے بارے میں بھی کچھ نہیں کہوں گا کیونکہ اس کا پولٹیکل پہلو ہے۔ اس میں میں مزید بات نہیں کرنا چاہتا ہوں یہ چونکہ پولٹیکل مسئلہ ہے resources کے حوالے سے ہے تاہم کوئی اور تو exploit نہیں کر رہا ہے البتہ میں وزیر صاحب سے یہ بھی پوچھنا چاہتا ہوں کہ وہ کون لگ ہیں کہ باپ دو کروڑ روپے مانگتا ہے اور بیٹا تین کروڑ روپے مانگتا ہے، کوئی ایسا کیس بنائیں۔

جناب چیئرمین: جی، انہوں نے مثال دی ہے۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: مثال نہیں ہے، ذرا اچھا ہے کہ بات سامنے آجائے۔

چوہدری نثار علی خان: کم از کم میرے نوٹس میں دو ایسی مثالیں ہیں۔ اس کے علاوہ مزید مثالیں بھی دی جا سکتی ہیں لیکن میں گزارش کروں گا کہ پردہ نشینوں کے نام پردہ میں ہی رہنے دیں۔

Mr. Chairman : Next question No. 57, Malik Faridullah Khan Sahib.

57. ***Haji Malik Faridullah Khan :** Will the Minister for Water and Power be pleased to refer to Senate question No. 74, dated 25-6-1992 and state the present stage of electrification work of village Kotla, Tehsil and District Haripur?

Jam Muhammad Yousuf : The Chairman, Area Electricity Board WAPDA Islamabad has been directed to take the work in hand immediately and electrify the village by the end of the Current month.

Dr. Bisharat Ellahi : Supplementary sir. Sir, on behalf of Malik Faridullah who is not here today I would like to thank the honourable Minister for his very short and sweet reply but on his behalf I would also like the Minister to re-assure and re-confirm that the time limit which has been given in this question will be adhered to *i.e.,* the electrification of the village would be completed by the end of the current month. Thank you.

Mr. Chairman : Honourable Minister for Water and Power.

Jam Muhammad Yousuf : Sir, I assure him.

Mr. Chairman : Thank you. Next question No. 58, Iqbal Haider Sahib.

58. ***Syed Iqbal Haider :** Will the Minister for Water and Power be pleased to state :

(a) the number of applications received in the billing section, Islamabad for the change of names etc. in the electricity bills for Pak. PWD flats, G-9/2, Islamabad ; indicating also the action taken on these applications ; and

(b) the number of such applications lying pending indicating also its reasons and the time by which they will be disposed off?

Jam Muhammad Yousuf : Necessary information is being collected by WAPD from its lower formation which will be placed before the Senate on next rota day fixed for answer by the Minister of Water and Power.

سیّد اقبال حیدر: جواب میں بتایا گیا ہے کہ اگلی باری پر یہ جواب آئیں گے۔ کیا اس کے بارے میں وزیر صاحب فرمائیں گے کہ ایسا کیوں کیا جا رہا ہے۔

جام محمد یوسف: میں نے اسلام آباد واپڈا حکام کو ہدایت جاری کر دی ہیں کہ اگر آئندہ ایسا ہوا تو I am going to take a very serious notice.

سیّد اقبال حیدر: next rota day پر آجائے گا۔

جناب چیئرمین: اگلا سوال ۵۹، سیّد اشتیاق اظہر صاحب، سوال نمبر ۵۹۔

59. ***Syed Ishtiaq Azhar :** Will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to state :

(a) the main features of the petroleum policy ; and

(b) the capacity and date of completion of the OP-IV Oil Berth?

Ch. Nisar Ali Khan : (a) Important features of Petroleum Policy :

(i) concessional duty of 5-1/4 percent on all equipment imported for exploration/production. The following equipment can be imported without any import levy whatever :

(a) Drilling rigs.
(b) Logging trucks.
(c) Seismic equipment.
(d) Well cementation equipment.
(e) Snubbing units.
(f) All equipment for enhanced recovery and off-shore exploration.

(ii) The price of gas promised as follows :

(1) Off-shore ; At par with fuel oil.
(2) Associated : 75% of fuel oil.
(3) Non-associated : 66% of fuel oil.

(iii) Import of LPG allowed free of all levies and its price linked to world price.

(iv) Lube products freed from price controls.

(v) Development of retail outlets left to the marketing companies.

(vi) The use of CNG in vehicles will be commercialised. Import of equipment for gas compression and conversion of engines allowed free of duty.

(b) (i) 6.0 million tonnes per annum.
(ii) 1978.

جناب چیئرمین: کوئی ضمنی سوال نہیں، اگلا سوال ۶۰۔ سیّد اشتیاق اظہر۔

60. ***Syed Ishtiaq Azhar :** Will the Minister for Water and Power be pleased to state whether it is a fact that the Karachi Electricity Supply Corporation has to pay some arrears to the Pakistan State Oil, if so, its details and the time by which the arrears would be paid?

Jam Muhammad Yousuf : Payment of M/s Pakistan State Oils are being made regularly by KESC. In this regard, dues upto 22-7-1992 have already been cleared. However, bills against supplies from the period 26-7-1992 to 110801992 amounting to Rs. 169.491 million are due which are normal dues and will be paid in due course of time.

جناب چیئرمین: کوئی ضمنی سوال نہیں۔

سیّد اشتیاق اظہر: کوئی ضمنی سوال نہیں۔

جناب چیئرمین: That bring us to the end of the question hour.

Next is Leave Application

LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین: ماسٹر علی حیدر صاحب نے ناسازی طبع کی بنا پر حالیہ مکمل اجلاس سے رخصت کی درخواست کی ہے کیا ایوان کو منظور ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: مہر خدا داد خان لک صاحب نے نجی مصروفیت کی وجہ سے آج مورخہ ۱۸ اگست کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ایوان کو منظور ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: مخدوم سیّد اسرار حسین شاہ نے گھریلو مصروفیات کی بنا پر آج مورخہ ۱۸ اگست کے لئے ایوان سے رخصت کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی۔ کیا ایوان کو منظور ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)۔

POINT OF ORDER

(i) *RE* : EXCISE DUTY ON TELEPHONE CALLS

میر عبدالجبار: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب چیئرمین: جی۔

میر عبدالجبار: جناب والا، میں اس ایوان کی توجہ آپ کی وساطت سے ایک نہایت ہی اہم مسئلہ کی طرف دلانا چاہتا ہوں جس میں، میں سمجھتا ہوں کہ ہمارا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ آج کے اخبارات میں یہ شہ سرخیاں چھپی ہیں اس ایوان کی جانب سے پاس شدہ قرار داد کے بارے میں جناب والا، پرسوں اس ایوان نے ٹیلی فون ایکسائز ڈیوٹی واپس لینے کے بارے میں ایک قرار داد پاس ہوئی تھی، قرار داد پاس کرنا ہمارا حق ہے، یہ کوئی حکم نہیں تھا ریزولیوشن تھا اور ہم نے اسے پاس کیا اور قوم نے سے سراہا، اخبارات اس سے بھرے پڑے ہیں ہمارے اس ریزولیوشن کو قوم نے اچھا سمجھا مگر وزیر موصوف جو کہ ہم میں سے ہیں، وہ

بھی سینٹر ہیں ہمیں ان سے توقع یہ تھی کہ ہماری ہاں میں ہاں ملائیں گے انہوں نے پریس کانفرنس فرما کر بالکل واضح اور ایک قطعی ارشاد فرمایا ہے کہ ٹیلیفون calls پر ۶۰ فیصد ایکسائز ڈیوٹی واپس نہیں لیں گے۔ حرف آخر تو نہیں ہو سکتا جناب۔

جناب چیئرمین: میں نے جو reports دیکھی ہیں وہ مختلف ہیں جو میں نے پڑھیں ہیں ان میں یہ لکھا ہوا تھا کہ میں نے اٹارنی جنرل سے کہا ہے کہ مجھے قانونی مشورہ دیں کہ اس یہ کیا کرنا ہے اور یہ کہا ہے کہ حکومت کے زیر غور ایسی کوئی تجویز نہیں ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: بہر حال جب وہ آئیں گے تو پوچھ بھی لیں گے۔

میاں عالم علی لالیکا: جناب یہ حیرت کی بات ہے یہاں فلور آف دی ہاؤس پہ جھڑے ہو کر اس Economic Wizard جناب منسٹر صاحب نے یہ کہہ دیا تھا کہ سینٹ کو مالی بل پہ کوئی دسترس حاصل نہیں ہے۔ بار بار جناب والا۔

جناب چیئرمین: نہیں وہ میں نے وضاحت کر دی تھی کہ مالی بل اور ریزولیوشن میں فرق ہوتا ہے۔

میاں عالم علی لالیکا: آپ نے بجا فرمایا آپ نے بار بار ان کی تصحیح فرمائی۔ لیکن وہ بطور پٹھان اپنی بات پہ قائم تھے کہ نہیں یہ تو منی بل بنتا ہے اور ہم اس پر عملدر آمد نہیں کریں گے۔ جو باتیں ان کی اخبارات میں آئی ہیں وہی باتیں ان کی زبان سے یہاں ادا ہوئی تھیں اور سینٹ کی انہوں نے بڑی صریحاً تضحیک کی ہے ان کے اس سلسلے رویے پر ہم واک آؤٹ کرتے ہیں۔

(اس مرحلے پر ممبران واک آؤٹ کے لئے اپنی سیٹوں سے اٹھے)۔

جناب چیئرمین: بھئی دیکھیں پلیز، پلیز، ایسی کوئی بات نہیں ہے ان کو آنے دیں اصول یہ ہوگا ان کی وضاحت پہلے سن لیں اور پھر یہ بات کریں اسی طرح بغیر سوچھے سمجھے، سنے یہ ہماری روایت نہیں ہے۔ پلیز، پلیز بیٹھیں۔ ذاتی مداخلت پر بوستان علی ہوتی صاحب۔۔۔(قطع کلامی)۔

جناب بوستان علی ہوتی: جناب والا! کل میں نے ایک پوائنٹ آف آرڈر میں واضح طور پر یہ کہا تھا کہ جو وفد بیرونی ملکوں میں جاتے ہیں ان کی منظوری وزیراعظم صاحب دیتے ہیں اور ریکارڈ میں موجود ہے سینٹ سیکرٹیریٹ میں لیٹر آیا ہوا ہے وفد کو کون lead کرے گا۔ اب وہ اطلاع بھی وزیراعظم سیکرٹیریٹ سے ملتی ہے۔ آج وزیراعظم ہاؤس سے ایک خبر جاری ہوئی جس میں میرا بھی ذکر کیا گیا ہے مجھے اس چیز سے کوئی تعلق نہیں میرا نام اس لسٹ میں سینٹ سیکرٹیریٹ نے دیا ہے اور مجھے پرچی دی ہے۔ وزیراعظم سیکرٹیریٹ کی ہدایت پر آپ کے پاس خط آیا ہوا ہے۔ تو میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ مجھے آج پتہ چلا ہے کہ یہ میری طرف سے ہوا ہے۔ میں نے صحیح کہا تھا اگر کہیں رپورٹنگ غلط تھی کہ پرائم منسٹر امریکہ نہیں جا رہے۔ میں نے یہ کہا تھا کہ دورے کے اندر وزیراعظم کی طرف سے مجھے یہ اطلاع ملی ہے لہٰذا مختصر وقت دو دن کا ہے دو دن میں، میں نہیں جاتا میں اس کو مسترد کرتا ہوں۔ آج مجھے یہ پتہ چلا کہ اس وفد کی شیخ رشید صاحب head کر رہے ہیں۔ اگر مجھے ۳۶۴ دن پہلے بھی اطلاع دی جائے تو بھی میں اس کے ساتھ نہ جاؤں۔

(ii) **Role of Senate.**

سیّد فصیح اقبال: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب چیئرمین: بس پوائنٹ آف آرڈر پہ پوائنٹ آف آرڈر والی بات کریں۔

سیّد فصیح اقبال: جناب میر عبدالجبار نے بڑی اہم چیز ایوان میں اٹھائی اور سب کو بڑا افسوس ہوا۔ جناب چیئرمین! ہم لوگ یہاں فیڈریٹنگ یونٹس کے نمائندے ہیں۔ جب

۷۳ء کا یہ قانون بنا، میں اس وقت کی حکومت کو پھر کچھ نہیں کہتا لیکن میرے ساتھی مجھ سے agree کریں گے کہ اس وقت سینٹ کو جو درجہ دیا گیا تھا وہ صوبے کے حقوق کے لئے تھا۔ ملک میں ایک مہم چل رہی ہے جو چند ناعاقبت اندیش لوگ دوسرے ہاؤس میں یہ محسوس کر رہے ہیں کہ سینٹ کا کوئی رول نہیں ہے۔ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے آپ آئین کے یہاں محافظ ہیں سینٹ کا وجود ہی پاکستان کا وجود ہے۔ اس وقت فیڈریشن کا عالم یہ ہے اگر ہم صوبوں کے حقوق کا تحفظ نہیں کریں گے تو کون کرے گا آج اگر کوئی آدمی، صدر یا وزیر اعظم یہ محسوس کریں، سینٹ کا وجود پاکستان میں صوبوں کو جوڑنے کے لئے از حد ضروری ہے پاکستان فیڈریشن ہے اس کے صوبے ہیں ان کے حقوق ہیں ان کے حقوق کو کسی طرح نقصان نہیں پہنچنے دیں گے۔

جناب چیئرمین: آج اخبار میں پاکستان کے چیف جسٹس کی ایک سٹیٹمنٹ آئی ہے جو انہوں نے غالباً نیویارک میں دی ہے جس میں انہوں نے کہا کہ میں جب روس گیا تو میں وہاں دیکھ کر خوش بھی ہوا اور حیرانی بھی ہوئی کہ وہاں پر باقاعدہ ایک study ہو رہی ہے کہ پاکستان میں سینٹ کا جو ڈیشری کا رول اور پریذیڈنسی کا رول in cementing the federation of Pakistan کیا ہے انہوں نے کہا کہ وہاں پر سینٹ کے رول پہ باقاعدہ تحقیق ہو رہی ہے کہ سینٹ نے کتنا مثبت رول اختیار کیا ہے in cementing the federation and I know کہ بہت سے ممالک مجھ سے پوچھتے ہیں کہ جی آپ ہماری بھی کچھ رہنمائی کریں کیونکہ یہ سمجھتے ہیں کہ سینٹ نے بہت اہم رول ادا کیا ہے۔ inbringing the verious units together تو اس رول کو نہ کوئی کم کر سکتا ہے اور نہ کوئی نقصان پہنچا سکتا ہے۔

سیّد فصیح اقبال: لیکن آپ اس سلسلے میں کوئی پالیسی اختیار کریں ہمارا ایوان کئی مرتبہ پرسنل ریمارکس اور بیانات سے یہ محسوس کرتا ہے۔

جناب چیئرمین: دیکھیں جی کسی کے پرسنل ریمارکس سے سینٹ کو کچھ نہیں ہوتا فکر نہ کریں سینٹ ایک باقاعدہ آئینی ادارہ ہے اور آپ فکر نہ کریں کسی کے ریمارکس سے سینٹ نہیں ٹوٹتا۔ اور جو کوئی بیان دیتا ہے اس کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔

سیّد فصیح اقبال: توجب وہ آئیں گے خود اس کی وضاحت کریں وہ خود بھی سینٹر ہیں مجھے افسوس یہ ہے کہ لوگ کیسے رنگ بدلتے ہیں۔ وہ خود بھی سینٹر ہیں اس معزز ایوان کے رکن ہیں۔ وہ کیسے کیسے بیان دیتے ہیں۔ اور نہیں تو ہم مالی بل کے اختیارات لیں گے۔ ہماری چاروں صوبائی اسمبلیاں قرار دادیں پاس کریں اور ہم لیں گے۔

سیّد عبداللہ شاہ: میں نے ایک تحریک استحقاق دی تھی۔

جناب چیئرمین: آج، اس کو ہم examin کر کے لے آئیں گے۔

سیّد عبداللہ شاہ: اس کو اگر آپ لے لیں تو یہ سارا مسئلہ حل ہو جائے گا۔

جناب چیئرمین: نہیں اس کو examine کر کے لے آئیں گے۔ جی عباس شاہ صاحب۔

سیّد عباس شاہ: سر فصیح اقبال صاحب نے جو issue اٹھایا ہے بہت اہم ہے۔ Sir, اور there is a force working in the country through different ways, and we must progest we سینٹ کا character assastination کر رہے ہیں۔ and this is an یہ جو must rise today against this because جمہوری ادارہ ہے identity of the federation اب ہماری موجودگی میں ہمارا مذاق اڑایا جاتا ہے ایسے لوگ Sir, we should جو ہم سمجھتے ہیں they are part of democracy وہ اڑا رہے ہیں۔ not allow them and we are not going to allow them and the Senate has decided to take notice of this thing and we will come and force and take this issue properly at proper forum.

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے جی، اچھا جناب، جی جناب۔

Syed Iqbal Haider : I want to say something on a little different issue sir, that every time the Senate proceedings are reported, particularly the question hour, the APP and PPI reports always narrate the version that in reply to a question the Minister Sartaj Aziz said this, Minister Nasir said this but the questions or the supplementary questions are never covered that is one. And even in reporting on other issue, the statement of the Minister is fully carried but the statements and the objections raised by the members are not covered.

جناب چیئرمین: اس کا علاج تو یہ ہے کہ آپ منسٹر بن جائیں۔

سیّد اقبال حیدر: نہیں سر اس کے بغیر بھی ہم اپنے حقوق چھپوا سکتے ہیں۔ اور ان منسٹرز سے زیادہ چھپوا سکتے ہیں۔

جناب چیئرمین: نہیں دیکھیں ناں پہلی چیز تو یہ ہے کہ مجھے بنائیں کہ how can I direct کہ آپ فلاں چیز رپورٹ کریں اور فلاں چیز نہ کریں۔

Syed Iqbal Haider : No sir, I am not saying that :

All I am saying is that when they mention the answer given by the Minister, they must also mention the name of the person who had raised the question. In all fairness, that is a fair reporting, otherwise it is an unfair reporting.

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے یہ تجویز ہے جی جناب سعید قادر صاحب۔

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سعید قادر: جناب چیئرمین! آپ کی خدمت میں ایک گزارش ہے، امید کرتا ہوں کہ برا نہیں منایا جائے گا۔ آپ نے ۲۲ تاریخ کے لئے ایک دعوت نامہ ارسال کیا ہے۔

جناب چیئرمین: نہیں میرا خیال ہے دعوت نامہ کو علیٰحدہ ہی discuss کر لیں۔ ہاؤس میں دعوت نامے اچھا نہیں لگتا۔

جناب سعید قادر: میری گزارش یہ ہے کہ وہ جگہ shift کر کے روپے لے آئیں اس لئے حکومت نے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: سعید قادر صاحب یہ بات چیمبر میں کر لیں یہاں یہ مناسب نہیں ہے۔

(مداخلت)

Any other? Next we come دعوت نامے کے بارے میں چیمبر میں کر لیں۔ to Privilege Motion by Dr. Muhammad Rehan Sahib, on the alleged incorrect statement made by the Minister for Religious Affairs.

PRIVILEGE MOTIONS

(i) *RE* : THE ALLEGED INCORRECT STATEMENT BY THE MINISTER FOR RELIGIOUS AFFAIRS

ڈاکٹر محمد ریحان: جناب چیئرمین! یہ دراصل میری privilege عوام کی privilege تھی ایک اخبار فرنٹیئر پوسٹ میں ۶ جون کو ایک خبر شائع ہوئی کہ حج میڈیکل مشن میں ایسے لوگوں کو بھیجا گیا ہے جو qualified نہیں تھے۔ اس بارے میں میں نے ذمہ داری محسوس کرتے ہوئے تحریک التواء کے ذریعے اس ہاؤس کی توجہ دلانے کی کوشش کی جو ۶ جولائی کو یہاں زیر بحث آئی۔ اس کے جواب میں میرے محترم مولانا صاحب جن کے لئے میرے دل میں کافی احترام ہے۔ وہ عالم دین ہیں۔

جناب چیئرمین: آپ یہ تحریک استحقاق پڑھ دیجئے۔

ڈاکٹر محمد ریحان: جناب میری عرض یہ ہے کہ انہوں نے اس کے جواب میں ان کا کیا۔

جناب چیئرمین: آپ پڑھ دیں۔ تحریک استحقاق پڑھ دیں۔

Dr. Muhammad Rehan : Sir, on the 6th of July 1992 the honourable Federal Minister for Haj and Religious Affairs has given an incorrect reply in respect of my Adjournment Motion No. 121 that the dilegations published in the Daily Frontier Post Peshawar in respect of the fake persons in the Pak Haj Medical Missions in its issue of 6th June 1992 has been contradicted in the Daily News in its issue of 12th June 1992. The worthy Minister further stated that out of 72 persons eleven persons were Doctors from civil side and eight were Hakims, while the factual position is that none of these eight persons whom were alligated were having qualification in the field of Medical or Tibb professions except one Miss Maryam Bibi (Lady Dispenser) As is absolutely clear from the attached copies of the letters and office notes. This incorrect statement by the Minister has breached the privilege.

Mr. Chairman : Is it being opposed?

Maulana Abdus Sattar Khan Niazi : Opposed.

ڈاکٹر محمد ریحان: جناب دس جون کو حج ceremoney تھی اور یہاں ۳۰ مئی کو فیکس کے ذریعے ایک message حج ڈائریکٹوریٹ جدہ کو بھیجا گیا۔ جس میں آٹھ افراد کے نام تھے جو میں بیان کرتا ہوں۔ عبدالکریم تاج، امیر عبداللہ، محبّ الرحمٰن، محمد اکرم، سیّد آغا گل، غلام حیدر، مسز مریم بی بی اور عائشہ بی بی۔ ان کو بھیجا گیا کہ ان کو Competent authority نے سلیکٹ کیا ہے اور یہ وہاں میڈیکل مشن میں فرائض انجام دیں گے۔ اور وہاں پر میڈیکل مشن کے کمانڈنگ آفیسر بریگیڈیئر عبدالہادی، جو آج کا بھی پی او ایف واہ آرڈیننس فیکٹری کی ہسپتال کے کمانڈنگ آفیسر ہیں کی نگرانی میں وہاں کام کریں گے۔ یہ لوگ دو جون کو وہاں پہنچ گئے۔ اور وہاں پر بریگیڈئر عبدالہادی نے ان کا انٹرویو لیا اور یہ آفس نوٹ ان کہ ہاتھ سے لکھا ہے کہ The following persons reported for duty with Haj Medical Mission on 5th June. They were interviewed by Commanding Officer Haj Medical Mission which reveals that except one Lady Dispenser they do not belong to medical profession their details have been mentioned.

Syed Agha Gul Qadri whose age is 38 years his profession is Security Guard National Construction Ltd., Karachi.

Abdul Karim Taj having the age of 58 years is a pensioner Headmaster of some Middle School.

Amir Abdullah Lumberdar of village Attock Panhala Distt. Mianwali.

Mohibur Rehman 48 years. He is Mothamim of Darul Uloom Islamia Qadria.

Aisha Bibi having the age of 85 years she is a house wife.

Ghulam Haider Public Relation Officer Almustafa and Muhammad Akram 30 years Marya, Bibi 50 years Lady Dispenser.

As observed by Brigadier Sahib.

The Lady Dispenser has been posted to a dispensary Services of the Driver cannot be utilized at this belated stage due to complicated road network, Traffic Rules and Left hand Driving. None of the other persons can be employed in the Medical Mission because they are not professionally qualified.

Mr. Chairman : Thank you. Yes, please Mr. Minister.

Maulana Abdus Sattar Khan Niazi : Mr. Chairman the honourable Senator has not mentioned that in the light of the attached copies of the letters and office notes not supplied to the Ministry by the Senate Secretariat, he has got enough reasons to believe that the reply of the Minister in respect of the Adjournment Motion was wrong which has breached the privilege of the honourable Senator. It is clarified that in accordance with the Haj Policy approved by the Federal Cabinet for Haj.....

(interruption)

Mr. Chairman : Minister can read it.

Maulana Abdus Sattar Khan Niazi : The entire Medical Mission was drawn from the Armed Forces with the exception of a few

civilian Doctors and Hakims. Accordingly the selection of 29 Doctors and 86 members of the paramedical staff was made by the Army Medical Directorate General Headquarters, from the Armed Forces while 11 Doctors and 8 Hakims were selected from the Civil Departments in consultation with the Ministry of Health. The members of the Haj Medical Mission was therefore appointed in violation of the policy approved by the Government. From the acts and figures given above it may be seen that the number of paramedical staff as referred to the Privilege Motion is different then the auditor the Ministry and Sent on Medical Mission moreover the contents of the office notes of the Medical Mission and letters are not known as the documents mentioned in the Motion have not been attached with the Senate's letter. due to non-availability of the contents of the Adjournment Motion and corresponding it, it is difficult to answer the Privilege Motion. However, some persons as referred to by the honourable Senator were selected vide letter of 28/5/92 for inclusion in the Haj Medical Mission. Later on they were dropped from the list of Medical Mission and were appointed as seasonal Haj duties, vide letter such and such.

جناب جو کچھ انہوں نے بیان فرمایا ہے یہ جو میڈیکل مشن کے ساتھ، پیرا میڈیکل سٹاف میں اردل بھی ہوتی ہیں۔ سپاہی بھی ہوتے ہیں۔ اس میں کوئی خاص اس قسم کا معیار نہیں ہے کہ ان کا کوئی میڈیل سرٹیفکیٹ ہے یا نہیں ہے یا نہیں۔ اس وقت ہم نے جوان کو بھیجا وہ پیرا میڈیکل سٹاف کی حیثیت میں ان کی تائید کر کے بھیجا۔ انہوں نے جب یہ کہا کہ ہمیں ان کی ضرورت نہیں ہے اس وقت بیس دن کے لئے ہم نے اس کی دوسری ڈیوٹیز کر دیں۔ اس لئے جو آپ کو اطلاع دی گئی، اس کے لئے اگر آپ ہمارے دفتر سے معلومات حاصل کرتے تو آپ کو پتہ چلتا کہ جن آٹھ آدمیوں کا ابھی آپ نے ذکر کیا ہے ان کو میڈیکل مشن سے ڈراپ کر دیا گیا اور ان کو دوسرے فرائض سونپے گئے۔ اس لئے آپ کا استحقاق مجروح ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ ویسے جو پیرا میڈیکل سٹاف میں لوگ ہیں۔ سپاہی ہیں اس میں کوئی لانس نائیک ہے۔ کوئی کیا ہے۔ وہ سب کے سب میڈیکل معیار کے

مطابق نہیں ہیں۔اس وقت ہم نے یہ سمجھا کہ یہ لوگ پڑھے لکھے ہیں یہاں پر ایمبولینس کے سلسلے میں مدد کی ضرورت ہو گی۔ ہیلپرز کی ضرورت ہو گی تیمارداری کے لئے ضرورت ہو گی۔ جب انہوں نے کہا کہ ہمیں ضرورت نہیں ہے ہمارے پاس سٹاف موجود ہے تو ہم نے ڈراپ کر دیا اس لئے آپ کو اس موقع پر کہا تھا کہ میڈیکل مشن میں ان کو نہیں رکھا گیا ان کو ڈراپ کر دیا۔

جناب چیئرمین: جی ڈاکٹر ریحان صاحب۔

ڈاکٹر محمد ریحان: وزیر صاحب نے فرمایا۔ اپنا بیان دیا۔ پہلی میری عرض یہ ہے کہ اس تحریک استحقاق کے ساتھ باقاعدہ میں نے کاپیاں منسلک کی ہوئی ہی اور آج بھی میں نے سیکرٹری صاحب کو کاپیاں دی ہیں انہیں آپ ملاحظہ کر سکتے ہیں۔ پہلی گزارش تو یہ ہے کہ یہ جو میڈیکل مشن بھیجا جاتا ہے اور اس میں پیرا میڈیکل کے بھی لوگ بیشک بھیجے جاتے ہیں۔ تو جب حج کا موسم شروع ہو جاتا ہے تو وہ اس سے پہلے چلے جاتے ہیں تاکہ وہاں ڈسپنسریاں قائم کریں لوگوں کو حج کی ادائیگی سے چار پانچ دن پہلے بھیجا گیا ہے دوسرا آپ اس میں یہ نوٹ فرمائیں، بڑے مزے کی بات یہ ہے کہ عائشہ بی بی ۸۵ سال کی ہے چلو ہم باقی باتیں تو تسلیم کر لیتے ہیں لیکن یہ ۸۵ سال کی سمجھ نہیں آتی کہ ۸۵ سال میں اس نے وہاں کون سی خدمت سر انجام دینی ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ نیشنل کنسٹریکشن میں کوئی سیکورٹی گارڈ ہے، کوئی گاؤں کا نمبردار ہے یہ کس طریقے سے انہوں نے پیرا میڈیکل کی ڈیوٹی ادا کرنی تھی ہر چیز کا ایک طور طریقہ ہوتا ہے وہاں پر جو بریگیڈیئر صاحب تھے یہاں پر لکھا گیا ہے کہ competent authority، جب ان کو بھیجنا تا تو competent authority نے فیصلہ کیا مجھے سمجھ نہیں آتی کہ وہ کون سی competent authority تھی جس نے ان لوگوں کو بھیجا ایسے تو میرے خیال میں کوئی بھی نہیں ہو گا جو یہ نہ سمجھتا ہو کہ پیرا میڈیکل

کیا ہوتا ہے اور میڈیکل کیا ہوتا ہے کہ انہوں نے ایسے لوگوں کو ان پیشوں کے ساتھ select کرنا تھا پھر جب وہاں بھیجے گئے وہاں پر جو انچارج تھا اس کے باقاعدہ یہاں پر نوٹ آئے ہوئے ہیں اور اس نے کہا ہے کہ ان لوگوں کا تو اس کے ساتھ تعلق ہی نہیں ہے۔ ان کی کیا ضرورت تھی بلکہ یہاں پر ایسا بھی ہوا ہے کہ عائشہ بی بی جو ۸۵ سال کی ہے اس کا یہاں سے work visa لگایا گیا تھا، نہیں یہاں پر work visa نہیں لگایا گیا اور وہاں پر پہنچ کر پھر compulsory visa سعودی عرب میں لگایا گیا کہ بھئی یہ تو اتنی بوڑھی ہے اس نے کیا ڈیوٹی ادا کرنی ہے ان واقعات کی روشنی میں میں سمجھتا ہوں کہ یہ favouritism ہے۔ صرف ان لوگوں کو سرکاری خرچ پر حج کرانا تھا اور یہ بڑی irregularity سمجھیں یا۔

جناب چیئرمین: تھوڑی سی confusion یہ آگئی ہے مولانا صاحب کے بیان میں انہوں نے میڈیکل کی جو تفصیل بیان کی تھی انہوں نے لکھا ہے کہ medical mission میں ۷۲ آدمی بھیجے گئے تھے، ۷۲ میں سے ۵۳ آدمیوں کو جی ایچ کیو نے منتخب کیا گیارہ civil side سے doctors تھے اور آٹھ حکیم تھے تو یہ صرف para medical کی بات کر رہے ہیں اب جو آپ تفصیلات لئے ہیں وہ مولانا صاحب کے مطابق para medical یا ڈرائیور قسم کے لوگ، اس قسم کے لوگ ان کی بات ہو رہی ہے۔ I think there are two different things.

ڈاکٹر محمد ریحان: آپ نے کہا کہ جو Army نے select کئے یا جو civil sides جن کو Health Minister نے منتخب کیا ہے یا جو حکیم وہ اپنی جگہ بالکل ٹھیک ہے اور ان کے ساتھ جو para medical والے بھی جاتے ہیں dispenser جاتے ہیں dressess جاتے ہیں، دوسرے جاتے ہیں ڈرائیور بھی ہوں گے کوئی attandants بھی ہوں گے لیکن یہ جو سات، آٹھ آدمی بعد میں بھیجے گئے ہیں اتنے short notice پر، میں نے ان کے پیشے بھی بیان کئے ایک بریگیڈیئر جو ایک بڑا ذمہ دار افسر ہوتا ہے ار technically qualified بھی

تھا یہاں سے جو message دیا گیا ہے باقاعدہ یہ بتایا گیا ہے پیرا ۵۱ میں کہ while in Saudi Arabia, they will be under the operational control of Brig. Abdul Hadi. جن لوگوں کو یہاں سے بھیجا گیا تھا اس letter میں ان کے سارے میں بتایا گیا کہ بریگیڈیئر عبدالہادی ان کے operational control کا incharge ہوگا۔

جناب چیئرمین: نہیں، یہ نہیں لکھا ہوا آپ پڑھیں۔

ڈاکٹر محمد ریحان: یہ لکھا ہوا ہے جی۔

Mr. Chairman : Yes, you are right.

ڈاکٹر محمد ریحان: جس وقت وہاں پہنچ گئے وہاں پر بریگیڈیئر صاحب نے اپنے فرائض کے مطابق اور جو ذمہ داران کو سونپی گئی تھی اس کے مطابق انہوں نے ان کا inteview لیا اور interview لے کر ان کی یہ observation ہے کہ اس میں تو سوائے مریم بی بی کے جو کہ lady dispenser ہے کوئی بھی ایسا نہیں نظر آتا جو کہ میڈیکل پیشے سے کسی طریقے سے بھی تعلق رکھتا ہو اور مزے کی بات میں آپ کی عرض کرتا ہوں کہ ۸۵ سالہ۔

جناب چیئرمین: نہیں وہ آپ کی بات درست ہے کہ justification کیا ہے کہ جو بھی 85 years old ہے لیکن میرے خیال میں جو بیان مولانا صاحب نے دیا تھا اس میں انہوں نے تفصیل بیان کر دی کہ ہم نے ۷۲ آدمی بھیجے ہیں ۵۳ ملٹری نے ۱۹ جو ہم نے بھیجے ہیں ان میں سے ۱۱ ڈاکٹر ہیں ۸ حکیم ہیں وہ تو cover ہو گیا، یہ ایک علیٰحدہ مسئلہ ہے میرے خیال میں اس کے بارے میں انہوں نے ذکر نہیں کیا کہ یہ۔ وہ جو آپ adjournment motion کا بین دے رہے ہیں وہ اور چیز کے بارے میں ہے۔ یہ جو چیز ہے اس پر آپ یعنی you can take exception to it, but this is something different, یعنی یہ وہ staff ہے جس کو وزارت نے یا مولانا صاحب نے as para medical یا supporting

staff, drivers وغیرہ بھیجا جو انہوں نے نہیں مانا یہ تو ان کی آپس کی بات ہو گئی میں تو privilege motion کی بنیاد سمجھنا چاہتا ہوں کہ ?where is the incorrect statement

Dr. Bisharat Ellahi : Sir, the whole thing is being confused between medical, para medical. میں یہ ڈرائیور وغیرہ نہیں آتے یہ ancillary staff ہوتا ہے جسے آپ supporting staff کہہ سکتے ہیں لیکن یہ جو میرے ساتھی ڈاکٹر ریحان نے بات کی ہے یہ لوگ تو کسی زمرے میں بھی نہیں آتے نہ medical nor para جناب چیئرمین۔ نہیں میں ڈاکٹر صاحب یہ کہہ رہا medical nor supporting staff ہوں کہ what I am saying is that it may be objectionable on other grounds, لیکن incerrect statement کہہ as a basis for a privilege. Motion ہے کیوں کہ وہ جو پہلی ہے that is about Doctors یہ جو ہے یہ ایک علیٰحدہ irregualrity ہو گئی، غلط ہو گا وہ اور بات ہے but as a bais for a privilege motion میں سمجھنے کی کوشش کر رہا ہوں ڈاکٹر ریحان صاحب نے مولانا صاحب کے بیان پر base کیا ہے۔

ڈاکٹر محمد ریحان: میں نے مولانا صاحب کے بیان پر base کیا ہے۔ اور اخبار میں یہ خبر بھی آئی تھی کہ medical mission/medical mission میں تو medical یا para medical مولانا صاحب نے فرمایا کہ ان میں اتنے ڈاکٹر تھے اور اتنے حکیم تھے اور ساتھ انہوں نے بھی فرمایا بلکہ مجھے انہوں نے مشورہ دیا کہ ذرا اور اخبارات بھی پڑھا کرو تو ان کے مشورے کے مطابق میں اس معاملے میں گہرائی میں چلا گیا تاکہ ایوان کا قیمتی وقت تحریک التواء وغیرہ میں ضائع نہ ہو اور حقائق کی جڑ تک پہنچ کر اس کے بعد بات اٹھانی چاہئے اور وہاں پر جو بر آمد ہوا۔ تو یہاں پر تو کوئی اس سے انکار نہیں کرتا کہ میڈیکل مشن میں یہ لوگ نہیں گئے ہیں۔

جناب چیئرمین: نہیں، نہیں، یہ گئے ہیں، سوال یہ ہے کہ جو مولانا صاحب نے بیان دیا تھا وہ ان کے بارے میں نہیں دیا he is not making astatement regarding these people, آپ کی adjournment motion کے بیان میں وہ بیان کر رہے ہیں about seventy two other people وہ اس کے علاوہ ہیں جن کے بارے میں وہ بیان دے رہے ہیں آپ جو issue raise کر رہے ہیں وہ objectionable ہو گا غلط ہو گا لیکن It is a separate issue.

ڈاکٹر محمد ریحان: جناب میں نے ۷۲ کا ذکر ہی نہیں کیا میں نے entire medical.

جناب چیئرمین: وہ کر رہے ہیں یہی میں کہہ رہا ہوں there is some confussion مولانا صاحب باقاعدہ figure دے رہے ہیں مولانا صاحب نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ۷۲ آدمی بھیجے ہیں، ۵۳ فوج نے منتخب کئے، ۱۹ ہم نے کئے ان میں ۱۱ ڈاکٹر ہیں ۸ حکیم ہیں پس مولانا صاحب جو بیان دے رہے ہیں اس وقت وہ ایک مخصوص طبقہ ہے ۷۲ آدمیوں کا ان کے بارے میں دے رہے ہیں آپ جو بات کر رہے ہیں وہ کچھ اور لوگ ہیں جن کے بارے میں آپ بات کر رہے ہیں۔

ڈاکٹر محمد ریحان: جناب میڈیکل مشن میں یہ لوگ جاتے ہیں۔

جناب چیئرمین: یہی تو میں آپ کو سمجھانے کی کوشش کر رہا ہوں کہ آپ اس کو ایک wider context میں لے رہے ہیں مولانا صاحب کا بیان ان ۷۲ آدمیوں کے بارے میں تھا جو اس وقت ان کے ذہن میں تھے باقاعدہ بیان کرتے ہیں کہ ۵۳، ۱۱ اور ۸ آپ جو بات کر رہے ہیں آپ بات کر رہے ہیں about some staff جو مولانا صاحب کے مطابق ڈرائیور ہیں، ڈسپنسر ہیں اس میں objetion ہو سکتا ہے کہ ۸۵ سالہ عورت کیا کر رہی ہے۔ but what I am saying is that how it is the base for a privilege motion this may be objectionable آپ اس پر اعتراض کر سکتے ہیں کہ ۸۵ سالہ عورت کو آپ نے کیوں بھیجا یا باقی لوگ کون ہیں، کس سے تعلق رکھتے ہیں۔

ڈاکٹر محمد ریحان: جناب میری گزارش یہ ہے کہ میری جو تحریک التواء تھی وہ یہ تھی Haj medical mission میں government expenses پر ایسے لوگوں کو بھیجا گیا ہے جن کا medical mission سے تعلق ہی نہیں تھا اب اگر انہوں نے مجھے ۷۲ کا وہ دیا ہوا ہے تو وہ ۷۲ کا دیا ہو گا میرا تو entire medical mission جس میں سب لوگ شامل تھے ان میں یہ لوگ بھی ضرور شامل ہیں۔

جناب چیئرمین: نہیں وہ cross purposes ہو گیا آپ کا اور تھا، جواب اور آیا this is what I am saying جو مولانا صاحب آپ فرمایئے۔

مولانا عبدالستار خان نیازی: جناب والا! ڈاکٹر ریحان خواہ مخواہ حیران ہو رہے ہیں اصل بات یہ ہے کہ حج فاؤنڈیشن ایک پاک فاؤنڈیشن ہے اس میں لوگ درخواستیں دیتے ہیں اس پر قرعہ اندازی ہوتی ہے اس میں ان آٹھ آدمیوں نے بھی درخواستیں دی تھیں ان کا قرعہ اندازی میں نام نہیں آیا بعد میں دوبارہ ان کو select کیا گیا جو باقی drop ہوتے تھے سوال یہ ہے کہ ابتداء میں۔ میں تو ۵ تاریخ کو چلا گیا تھا وہاں پر ان کو بھیجا گیا کہ para medical staff میں helpers وہاں پر Embulance کو سنبھالنے والے تیماردار اس کے لئے کسی میڈیکل سندھ کی ضرورت نہیں ہے محض اس کا وہاں پر بیماروں کو handle کرنا، مدد کرنا، یہ کام ہوتا ہے اور جس ۸۵ سال کا پروپیگنڈہ شروع کر دیا اگر بیچاری ۸۵ سال والی حج پر چلی گئی اور وہاں پر کسی بیمار خاتون کی بیٹھ کر تیمارداری کرے تو اس کے لئے سند کی ضرورت نہیں ہے باقی رہی یہ بات کہ بعد میں انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس پیرا میڈیکل سٹاف سب کچھ موجود ہے ضرورت نہیں، ہم نے ڈراپ کر دیا۔ بیس دن کے لئے ہم نے اس کو باقاعدہ اپنے حاجیوں کے پریویلج پر جو فنڈ ہے اس سے بھیجا۔ اس لئے حکومت کے خرچ پر نہیں گئے۔

جناب چیئرمین: So in the ight of the statement of the Minister آپ پریس نہیں کرتے یا کرتے ہیں؟

ڈاکٹر محمد ریحان: میں پریس نہیں کرتا لیکن گڑبڑ تو ضرور تھی۔

جناب چیئرمین: وہ علیٰحدہ مسئلہ ہے۔

مولانا عبدالستار خان نیازی: اس میں آپ سے مشورے کی ضرورت نہیں تھی یہ ہماری صوابدید تھی۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے جو مولانا صاحب Disposed of as not pressed. Maulana Sami-ul-Haq Sahib on a point of order.

مولانا سمیع الحق: میں معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ حج فاؤنڈیشن کا جو پیسہ ہے وہ کس بینک میں ہے اور کیا اس پر سود لیا جاتا ہے یا نہیں۔

جناب چیئرمین: یہ question hour نہیں ہے۔

مولانا سمیع الحق: اس ضمن میں ساری وزارت حج کی بات آرہی ہے۔

جناب چیئرمین: کسی اور مناسب موقع پر آپ کی بات سن لیں گے۔ Next is privilege motion by Syed Iqbal Haider.

(ii) RE : THE STATEMENT OF MINISTER

Syed Iqbal Haider : Thank you Mr. Chairman. I request that the following Privilege Motion may please be discussed in the House at the earliest:-

> "During the course of 37 Session of the Senate, the State Minister for Communication, Mr. Azam Khan Hoti had made an incorrect statement on the floor of the House to the effect that telephone connections are being installed by PTC in Karachi within 24 hours in ordinary course.

The irrefutable facts are that not a single telephone connection recommended by me or perhaps by any other member of Parliament,

to the best of my knowledge has been installed even in 24 days what to talk of 24 hours. In most of the cases delay of several months, if not years, has been caused and in some cases the concerned Division Engineer and his bosses have failed or refused to install the telephone connections on one pretext or the other which were recommended by me during the period from April to July 1991. Some of such cases are given below :-

(a) Haji Ishaque Jokhio whose application dated 29th July 1986 registration No. 40/598/86 is still pending despite the recommendation made by me. Mr. Jokhio has informed me that because he had refused to give bribe of Rs. 10,000 to the Division Engineer and his sub-ordinate staff, therefore, they have adamantly refused to install the telephone connection. This is a common complaint that I have received from the applicants. The second case is;

(b) I had also recommended in May, 1991 the application Registration No. 53/1739/88 dated 21st June, 1988. To the best of my knowledge the telephone connection has not yet been installed. The next is;

(c) In April, 1991 I had recommended application of Mr. Ali Mohammad Registration No. 883/005/89 dated 1st January, 1989, despite lapse of over one year the telephone connection has not been installed. The next case is:

(d) Same is the fate of application Registration No. 41/1743/89 of Father Arnold Hureded recommended by me in July, 1991. He is still awaiting installation of the telephone.

The aforesaid incidents constitute serious breach of my privilege as well as of the entire House. This Privilege Motion therefore, deserves to be discussed and admitted. And in the process I have received one more complaint.

جناب چیئرمین : دیکھیں ایک چیز کی ذرا میں وضاحت کروں adjournmet

motion کے جو رولز ہوتے ہیں۔

سیّد اقبال حیدر: یہ ایڈجرنمنٹ موشن نہیں پریویلیج موشن ہے۔

جناب چیئرمین: پریویلیج موشن ہے۔ میں یہی پوائنٹ آؤٹ کرنا چاہ رہا تھا کہ You raise the issue. موشن یا ایڈجرنمنٹ موشن اتنا لمبا نہیں ہونا چاہئے۔ privilege

Syed Iqbal Haider : I have raised the issue.

جناب چیئرمین: بنیادی طور پر آپ یہ کہہ رہے ہیں کہ انہوں نے غلط سٹیٹ منٹ دی ہے۔

Syed Iqbal Haider : And I am giving the proof, I am giving the evidence because he will say quote me the examples. So, I have already quoted four examples and there is 5th one which I have received...

Mr. Chairman : But I am sure the statement of the Minister wa not in each and every case.

Syed Iqbal Haider : No sir, there is a double breach of privilege, one, is the statement that 24 hours and the second is, what is the sanctity and respect being given to the recommendations being made by the members.

جناب چیئرمین: اس وقت میں اتنا کہہ رہا ہوں کہ پریویلیج موشن کو اتنا لمبا نہ کیا کریں۔

سیّد اقبال حیدر: وہ صرف instances کی وجہ سے ہوا اور۔۔

Mr. Chairman : Is it being opposed?

Mr. Muhammad Azam Khan Hoti : I oppose this.

Syed Iqbal Haider : I one case even bribe has been claimed by the Divisional Engineer for 10,000 rupees. He said that I don't care about the recommendation of the member of Parliament and you pay me ten thousand rupees and you will get the telephone connection.

جناب چیئرمین: جناب منسٹر صاحب فرمایئے۔ وہ باقاعدہ آرگومنٹ دے رہے ہیں پہلے یہ دیکھیں کہ بیان کیا دیا۔ You see, another thing I would like to point out that an incorrect statement perse does not amount to a breach of privilege. These are rulings on that. لیکن آپ یہ ثابت کر سکیں کہ deliberately کیا ہے، جان کر کیا، دانستہ طور پر کیا ہے۔ پھر وہ بات بنتی ہے۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا! پہلی بات کا جواب تو آپ نے بھی دے دیا بہر حال میں نے کبھی یہ نہیں کہا تھا کہ سارے کراچی میں ۲۴ گھنٹے میں ٹیلی فون لگیں گے کراچی کے بعض حصوں میں جیسے کوئنز روڈ ایکسچینج ہے یا کنٹونمنٹ سنٹرل ایریا exchange ہے اس میں یہ وجہ ہے جیسے آپ صحیح نشاندہی کی کہ سارے پاکستان میں ہر ایک ٹیلی فون لگانا سر دست یا خاص شہروں میں، یہ فی الحال ناممکن ہے انشاءاللہ وہ وقت آرہا ہے جب یقیناً ۲۴ گھنٹے کے نوٹس پر سارے پاکستان میں ٹیلی فون لگ سکے گا اور وہ وقت جلد ہی آئے گا جناب والا میں نے کئی بار آپ کی وساطت سے محترم اراکین سے استدعا کی ہے۔ اس سے پہلے کہ ٹیلی فون کو انا کا مسئلہ بنا کر اس کو تحریک استحقاق کی شکل میں پیش کیا جائیں یہاں اسی اسمبلی کی بلڈنگ customer سروس ہے جہاں تمام احترم اراکین سینٹ اور نیشنل اسمبلی کے ٹیلی فون کے disecretionary کوٹہ کا ایک ریکارڈ موجود ہوتا ہے۔ ذرا سی زحمت کر کے یا تکلیف کر کے یا ان کو حکم دیں کہ وہاں کی خدمت میں حاضر ہوں یا خود جا کر دیکھ لیا کریں ابھی کمپیوٹر نے کام شروع نہیں کیا لیکن پیپر ریکارڈ ہے تو یہ نوبت نہیں آئے گی میں ابھی جواب دوں گا تو ثابت کر دوں گا کہ کیا صوت حال ہے۔ جناب والا! جہاں تک ان کے پہلے ٹیلی فون کا تعلق ہے تو اس سلسلے میں صورت حال یہ ہے کہ جہاں پر محترم سینیٹر نے recommend کیا ہے وہ میمن گوٹھ کا علاقہ ہے جہاں ۲۰ لائن کا ایک manual ایکسچینج بچھا۔

جس میں دس بارہ سال سے کام کر رہا ہے جس میں دس بارہ کنکشن دیئے جا چکے ہیں اور یہ علاقہ ابھی تک سندھ telecommunication ریجن میں ہے۔ تاحال کراچی ٹیلی فون کمیونی کیشن میں شامل نہیں ہوا اس میں ایک exchange انسٹال کیا جا رہا ہے جو دو ہزار لائن کا ہو گا۔ جب وہ ایکسچینج انسٹال ہو جائے گا تو اسے جنکشن کے ذریعے کراچی کمیونی کیشن سسٹم کے ساتھ نہ connect کر دیا جائے گا تبھی وہ جا کر کراچی ٹیلی کمیونی کیشن ریجن کہلائے گا اس میں اس وقت جو نمبرز ہیں وہ ماڈل کالونی ایکسچینج سے لئے گئے ہیں جس کی capacity دس ہزار لائن ہے اور ۹۸ فیصد لوڈڈ ہے دس سے بارہ سال پہلے چند ایک کنکشن دیئے گئے۔ ہر ایک exchange کا جو نیٹ ورک ایریا ہوتا ہے وہ چار سے پانچ کلو میٹر ہوتا ہے اس سے اگر مزید دور جائیں تو وہ اس ایکسچینج کے نیٹ ورک کے لمٹ سے باہر چلا جاتا ہے جو کہ expensive پڑتا ہے یہ میمن گوٹھ ماڈل کالونی ایکسچینج سے تقریباً ۸ کلو میٹر کے فاصلے پر ہے۔ چونکہ ہم وہاں کام کرتے ہیں ہمارا عملہ کام کرتا ہے تو کیبل میٹروں کے حساب سے بچھایا جاتا ہے۔ فاصلے کا تعین صحیح معلوم ہوتا ہے کہ کیا ہے انہوں نے وہاں پر rcommend کیا کہ یہ ٹیلی فون وہاں پر لگایا جائے جو کہ جدید آٹو یا ڈیجیٹل ٹیلی فون ہوتا ہے۔ جب تک اس میں نیٹ ورک نہ جائے وہ ٹیلی فون نہیں لگ سکتا اور اگر اس مینوئل ایکسچینج سے لگانا ہے تو میں حاضر ہوں۔

Syed Iqbal Haider : I just recommended for a telephone connection, whether it is manual, whether it is digital, whether it is under Karachi communication, whether it is under Sindh Communication, whether it is under his personal communication, I don't care. I need a telephone connection, sir.

جناب چیئرمین: اس وقت جو بنیادی مسئلہ ہے وہ یہ ہے کہ آپ نے statement کیا دی وہ غلط تھی یا صحیح تھی۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: میں گزارش کروں گا کہ جس شخص کے لئے انہوں نے ٹیلیفون لیا وہ applicant insist کرتا ہے کہ اسے ٹیلیفون Auto-exchange سے دیا جائے۔

سیّد اقبال حیدر: نہیں جی، وہ insist نہیں کرتا ہے۔ ....He insists

جناب چیئرمین: At this amount the issue is کہ آپ نے اس دن کیا سٹیٹمنٹ دی وہ غلط تھی، کیا تھی، وہ ذرا آپ دیکھ لیں۔ آپ کے پاس وہ ریکارڈ ہے؟ وہ ذرا منگوا کر دیکھ لیں۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا! وہ تو میں نے کہہ دیا ہے کہ یہ ناممکن ہے کہ پورے کراچی میں ٹیلیفون دیئے جائیں۔ اور جس ٹیلی فون کا یہ ذکر کر رہے ہیں وہ سرے سے کراچی ٹیلی کمیونیکیشن میں ہے ہی نہیں۔ بلکہ سندھ ٹیلی فون کمیونیکیشن ریجن میں ہے، ابھی اس کو کراچی ٹیلی کمیونیکیشن ریجن میں شامل ہونا ہے، میرا بیان خاص کر اس حوالے سے غلط ثابت نہیں ہوگا۔

جناب چیئرمین: کیا ان کا علاقہ کراچی ٹیلی کمیونیکیشن ریجن میں نہیں ہے۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جس جگہ کے لئے یہ ٹیلیفون recommend کیا گیا ہے وہ اس میں نہیں آتا ہے۔ یہ میمن گوٹھ کا علاقہ ہے۔

جناب چیئرمین: کیسے بھی ہر جگہ چوبیس گھنٹے میں ٹیلیفون دینا ممکن نہیں ہوگا۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: ابھی نہیں انشاءاللہ آئندہ آنے والے وقتوں میں ہوگا۔

سیّد اقبال حیدر: پھر tall claim نہ کریں۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: پھر جناب والا! انہوں نے دوسرا ٹیلیفون فوزیہ بوسانی کیلئے recommend کیا۔

جناب چیئرمین: کیا یہ کراچی ٹیلی کمیونیکیشن ریجن میں ہے یا اس سے باہر ہے وہ بتا دیں، زیادہ تفصیل میں جانے کی ضرورت نہیں ہے۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا! میں زیادہ تفصیل میں نہیں جاؤں گا۔ لیکن جب تک پوری بات نہیں کروں گا تو بات سمجھ میں نہیں آئے گی۔

جناب چیئرمین: اس وقت بنیادی طور پر آپ یہ بتائیں کہ آپ کی سٹیٹمنٹ کیا تھی۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: سر سٹیٹمنٹ کے متعلق تو میں نے کہہ دیا ہے۔

جناب چیئرمین: بس بات ختم ہو گئی۔ انفرادی کیسوں کے بارے میں آپ ان سے بات کر سکتے ہیں۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا! میں نے اس پر بات اس لئے کرنی ہے کہ ہر روز ایک نیا ہنگامہ اٹھتا ہے اور میں نے یہ ثابت کرنا ہے اور میرے پاس یہ ریکارڈ پڑا ہے۔

جناب چیئرمین: میرے پاس اور بھی ایجنڈا ہے۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: 82 connections have been recommended by the honourable Senator, Sir. ۳۲ لگ چکے ہیں اور ۳۲ کے ڈیمانڈ نوٹس جاری ہو چکے ہیں اور ۱۸ under process ہیں۔ ان کے وقتوں میں دو ٹیلیفون دیئے جاتے تھے، میں ریکارڈ لا کر آپ کے سامنے رکھ دوں گا کہ جب ان کی حکومت تھی تو کتنے ٹیلیفون لگتے تھے۔ آج ۷۵ فیصد ٹیلیفون ان کی سفارش پر لگتے ہیں۔ جناب والا! کیچڑ اچھالا جا رہا ہے اور میں احترام سے کہوں گا کہ جو جزب اقتدار کے بنچوں کے اراکین ہیں وہ ان کا ساتھ دے کر، ان کے بہکاوے میں آ جاتے ہیں۔ میں ریکارڈ سے ثابت کرتا ہوں ایک ایک چیز۔ اور یہ الزام لگا رہے ہیں، بہتان ہے، جناب مجھے آپ موقع دیں میں اس کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں۔

سیّد اقبال حیدر: آپ اپنا نکتہ نظر ضرور بیان کریں پھر میں آپ کو جواب دوں گا۔

Mr. Chairman : In the light of the Minister, this is disposed of.

Syed Iqbal Haider : No, Sir. Not a disposed of. He has not even completed his statement.

(interruption)

جناب چیئرمین: basically سوال کا جواب آ گیا ہے اور اس چیز پر اب بہت وقت لگے گا کہ ایک ایک درخواست کے بارے میں وہ آپ کو بتائیں کہ کیا ہوا اور کیا نہیں ہوا ہے۔ یہ تو آپ کا اپنا مسئلہ ہے آپ ان سے discuss کر لیں۔

سیّد اقبال حیدر: جناب والا! سوال تو ایک انفرادی درخواست کے بارے میں ہی ہے۔

جناب چیئرمین: As far as the privilege motion is concerned آپ کی جو سٹیٹمنٹ ہے، اس میں آپ نے یہ کہا ہے کہ بیان incorrect ہے۔

سیّد اقبال حیدر : جی، بیان incorrect ہے۔

جناب چیئرمین: وہ میں دیکھ لیتا ہوں۔ میرا خیال ہے کہ ایسا نہیں ہو گا کہ ہر ٹیلیفون چوبیس گھنٹے میں لگے گا یہ تو ہو نہیں سکتا۔ ٹھیک ہے جی، انہوں نے جنرل سٹیٹمنٹ دی ہے۔ جہاں تک انفرادی ٹیلیفون کا تعلق ہے اس کے بارے میں آپ ان سے بات کر لیں۔

سیّد اقبال حیدر : ڈیڑھ سال میں اگر ۸۸ recommendations میں سے ۳۲ پر وہ admit کرتے ہیں کہ لگے ہیں۔

Mr.Muhamad Azam Khan Hoti : 64.

جناب چیئرمین: سینٹ کا یہ جو ٹائم ہے یہ بڑا ضروری ٹائم ہے، آپ مجھے یہ بتائیں کہ ہر درخواست کے بارے میں یہ بتانا شروع ہو جائیں تو یہاں پر تو چار ہزار درخواستیں بن جائیں گی۔

سیّد اقبال حیدر: جناب والا، حافظ حسین احمد صاحب privilege motion بھی اسی قسم کا تھا، اس کو investigate کیا گیا، اگر سینیٹر کی recommendations کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: وہ investigate کیا گیا، حافظ صاحب وہاں موجود تھے، اس کے بارے میں دیکھا گیا اور وہاں پر کوئی پالیسی غلط استعمال کی گئی۔

سیّد اقبال حیدر: اسی طرح ہماری درخواست پر بھی investigation ہونی چاہئے۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے سب پر ہونا چاہئے کہ اگر غلط کام ہو

(مداخلت)

سیّد اقبال حیدر: جناب اسے privilege کمیٹی میں بھیج دیں۔

جناب چیئرمین: بہر حال ہم اگلا آئیٹم لیتے ہیں۔

سیّد اقبال حیدر: اسے کمیٹی میں بھیج دیں۔

جناب چیئرمین: دیکھیں ناں، آپ کے جو individual problems ہیں ان کے بارے میں آپ وزیر صاحب سے discuss کر لیں۔ اگر آپ کا ابھی تک کوئی نہیں لگا۔ I am sure, he will take necessary action.

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا! سینٹ سے باہر تو favours مانگتے ہیں۔ لیکن یہاں آکر تنقید کرتے ہیں۔

سیّد اقبال حیدر: کوئی نہیں مانگتا ہے۔

Mr. Chairman : No cross talks, no cross talks, please.

Syed Iqbal Haider : No favours ever sought. No favour ever given.

Mr. Chairman : So, if you (Syed Iqbal Haider) have problems on individual applications, you bring it to the.....

سیّد اقبال حیدر : یہ اس طرح کی بہتان تراشی اس لئے کر رہے ہیں چونکہ ان کا محکمہ نااہل اور corrupt ہے۔ یہ ruthlessly کرپشن کر رہے ہیں اس لئے ان کو دکھ ہوتا ہے کہ جب ہم ان کی کرپشن اور نااہلی کو expose کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین: چلیں جی، Now we deal with the Adjournment Motions.

No. 7, Hafiz Hussain Ahmed and Manzoor Ahmed Gichki Sahib.

ADJOURNMENT MOTIONS

(i) ***Re*** : **SUGAR SCANDAL**

حافظ حسین احمد: میں تحریک کرتا ہوں کہ اس اہم قومی مسئلہ کو فوری طور پر زیر بحث میں لایا جائے۔ روزنامہ جنگ لاہور، ۱۴/جولائی کے مطابق چینی کے ایک بہت بڑے سکینڈل کا انکشاف ہوا اور بااثر گروہ اصل مالکان کو بتائیے بغیر ان کے سٹاک کو اپنا شوگر کے اس کا سودا کرتا رہا اور دو لاکھ میٹرک ٹن چینی کا باقاعدہ معاہدہ بھی کر لیا اور باخبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ مشہور نابینا سکینڈل کے مرکزی کردار بھی اس چینی کے کاروبار میں ملوث رہے ہیں اور اس کے لئے وہ برادر شوگر مل کا نام استعمال کرتا رہا ہے اس اہم مسئلہ پر سینٹ کی جاری کارروائی کو رک کر بحث کی جائے۔

Mr. Chairman : Is it being opposed?

چوہدری شجاعت حسین: جی، اگر آپ کہیں تو میں اصل حقائق بھی بیان کر دوں یا وہ کچھ پہلے کہنا چاہتے ہیں۔

جناب چیئرمین: انہوں نے تو کہہ دیا ہے۔ کیا حافظ صاحب آپ اس پر مزید کچھ کہنا چاہیں گے۔

حافظ حسین احمد : اگر وہ oppose کریں گے تو میں کچھ کہوں گا۔

جناب چیئرمین: وہ oppose تو کر رہے ہیں۔

Ch. Shujaat Hussain : Opposed.

حافظ حسین احمد : کیا اس کا جواب چوہدری شجاعت حسین صاحب دیں گے۔

جناب چیئرمین: جی، کیونکہ لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ ہے۔ یہ ایک جرم ہوا ہے۔

حافظ حسین احمد : جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک عجیب بات ہے کہ جب اسلامی جمہوری محاذ کی حکومت آئی ہے۔ جب بھی صبح اخبارات اٹھا کر دیکھتے ہیں تو ہمیں کوئی نہ کوئی سکینڈل سننے اور پڑھنے کو ملتا ہے۔ اگر ہم بینا سے لے کر نابینا تک کے سکینڈلوں کی تعداد جمع کریں تو میرے خیال میں ایک ضخیم دفتر بن جاتا ہے۔

اس طرح دو دن پہلے گندم کے متعلق بھی ایک تحریک التواء تھی اور آج بھی۔ جہاں تک اس کیس کا تعلق ہے اس کی انکوائری ایف آئی اے کے سپرد کی گئی ہے اور اس میں سب سے اہم بات جو قابل غور ہے وہ یہ ہے کہ جو لوگ اس فراڈ میں ملوث ہیں وہ ریٹائرڈ فوجی ہیں، ان کے لڑکے ہیں اس کے علاوہ انہوں نے دن دھاڑے لوگوں سے پندرہ لاکھ روپے وصول کئے ہیں اس کے ساتھ ساتھ دوسری پارٹی کے برادر شوگر مل میں لے گئے اور وہاں پر اس کے مینجر اور عملے نے ان کا استقبال کیا، ان کی تواضع کی اور پھر سب کے سامنے انہوں نے وہاں جا کر کہا کہ یہ یہ چینی ہے، یہ سیمپل ہے، چینی کے سیمپل دکھانے اور اس کے بعد گاڑی میں بیٹھ کر واپس آئے۔ جب انہوں نے بیانہ دے دیا ۱۵ لاکھ روپے تو عین وقت پر پتہ چلا کہ کوئی چینی نہیں ہے۔ حالانکہ یہ برادر شوگر مل ہماری کابینہ کے ہیڈ سے متعلقہ ہے، وہاں سے جب پتہ کیا تو انہوں بتایا کہ یہ آئے تھے اور کہا تھا کہ سعودی عرب کی ایک پارٹی آئی ہے ہم اس کو چینی دکھانا چاہتے ہیں یقیناً یہ صورت حال سوچنے والی ہے۔

جناب والا! کبھی ہم میں پتہ چلتا ہے کہ کچھ لوگ پرائم منسٹر سیکرٹریٹ میں پہنچے انہوں نے انور زاہد صاحب سے ملاقات کی، ٹیلیفون پر بات کی، ان کی گاڑی آئی۔ کبھی پتہ چلتا ہے

کہ فلاں آدمی وزیراعظم کی مل میں جارہا ہے کبھی پتہ چلتا ہے کہ فلاں وزیر کی مل میں جا رہے ہیں، ان چیزوں سے ظاہر ہے کہ نہ کوئی ایسی بات ہے جس کے بارے میں صبح شام ایسی چیزیں سامنے آرہی ہے۔

جناب والا! اس میں ایک اور پہلو ہے کہ جس بندے نے ان کو پندرہ لاکھ روپے دیئے تھے اور آگے اس نے اس چینی کا سودا کیا تھا، اس نے بھی کسی اور آدمی سے پانچ لاکھ روپے لئے تھے تو جونہی انہوں نے اس کو چینی دینے سے انکار کیا فرار ہوگئے تو جس سے اس آدمی نے پیسے لئے تھے اس نے ان کے بیٹے کو اغواء کیا، اسے یرغمال رکھا اور اپنے پانچ لاکھ روپے لئے۔ یقیناً اگر اس طریقے سے دن دھاڑے یہ کام ہوتے رہے تو یہ ٹھیک نہیں ہے۔ اس لئے اس کی باقاعدہ انکوائری کی جائے اس وقت بھی یہ معاملہ ایف آئی اے کے سپرد ہے میں سمجھتا ہوں کہ اگر وزیر داخلہ اس کیس کی تمام تفصیلات سے آگاہ کریں اور ہمیں یقین دھانی کرائیں کہ انصاف کیا جائے گا تو اس کے بعد میں دیکھوں گا۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ وزیر داخلہ صاحب۔

چوہدری شجاعت حسین : جناب والا! جس کیس کے بارے میں مولانا صاحب نے اتنی تمہید باندھی ہے اس کے بارے میں میں مختصراً عرض کروں گا کہ یہ کس کی شکایت پر ہوا ہے۔ یہ مولانا صاحب کی شکایت کے اوپر نہ تو انکوائری ہوئی ہے نہ ہی اس میں آگے کوئی بات بڑھی ہے۔ یہ شکایت وزیراعظم کو ہی کی گئی یہ کیس جب اخبارات میں آیا اور یہ خبر جب ان کی نظر سے گزری تو انہوں نے ہی اس کے اوپر نوٹس لیا، انہوں نے خود اس کا نوٹس لیا اور انہی کی شکایت بھی کی گئی کہ یہ چیز جو ہے یہ ہو رہی ہے اس لئے یہ کہنا کہ یہاں نابینا سکینڈل ہوتے ہیں، وزیراعظم سیکرٹیریٹ کی بات کرنا، یہ سب غیر متعلق باتیں ہیں۔ جہاں تک کیس کا تعلق ہے جناب والا ایک فرم خالد خواجہ کی شکایت کے اوپر جو مالک

Alkitah International Islamabad انہوں نے یہ شکایت کی کہ M/s. crown Plastic Industries Ltd. لاہور کیخلاف، لاہور ہے یا اسلام آباد پنڈی کے ہیں۔ انہوں نے شکایت کی کہ ۲۰ ہزار میٹرک ٹن چینی کا سودا کیا ہے جس میں ۱۰ لاکھ روپے انہوں نے ایڈوانس لیا ہے ۵ لاکھ روپیہ مزید لیا ہے جب یہ شکایت ہوئی تو ان کے خلاف وزیر اعظم نے حکم دیا کہ انکوئری کی جائے ملزمان ہائی کورٹ میں چلے گئے اور انکوائری کو چیلنج کیا تو ہائی کورٹ نے ان کی رٹ پٹیشن خارج کرنے کے ساتھ ساتھ یہ حکم دیا کہ ایک ماہ کے اندر اندر انکوائری مکمل کی جائے تو یہ ایک ماہ اگلے ماہ کی ۸ تاریخ کو پورا ہو گا اس لئے جہاں تک اس کی انکوائری کا تعلق ہے تو ایف آئی اے نے مقررہ مدت کے اندر اندر انکوائری مکمل کر کے چالان مکمل کرنا ہے اور ملزمان کو پکڑنا ہے جو بھی حالات ہیں ان کو سامنے رکھتے ہوئے کرنا ہے۔ جہاں تک یہ کہا گیا ہے کہ برادرز شوگر ملز میں لے گئے ہیں یہ حقیقت نہیں ہے یہ ایسے ہی خواہ مخواہ اس میں ملوث کرنے کی کوشش ہے اس میں قطعاً نہ ہی کوئی واسطہ تعلق ہے نہ ایسی کوئی چیز ہے۔ تو یہ جناب والا حقائق ہیں تو مولانا صاحب اس پر زور نہ دیں انکوائری ہو لینے دیں۔ ۱۰ تاریخ کے بعد اگر انکوائری کا کچھ نہ بنا تو پھر مزید بات کر لیں گے۔

جناب چیئرمین: جی مولانا صاحب انکوائری ہو رہی ہے۔ تحقیق ہو رہی ہے ہائی کورٹ میں بھی ہے۔

حافظ حسین احمد: جناب والا! ۸ تاریخ کیا ہم اگلے سے اگلے مہینے تک انتظار کریں گے کیونکہ مسئلہ شوگر مل کا ہے تو ظاہر ہے کہ چوہدری صاحب کی بات ہی اس میں آخری ثابت ہو گی۔ لیکن ایک بات میں گزارش کروں کہ جس طرح انہوں نے نے فرمایا کہ صرف وزیر اعظم سے درخواست کی تھی میرے پاس وہ ثبوت موجود ہیں کہ پارٹی نے باقاعدہ طور پر F.I.A. میں مقدمہ درج کرایا اور خود پوری کاپی اور ثبوت فراہم کیا اور اس کا

بھی ہمارے پاس ثبوت موجود ہے کہ جن افراد کے خلاف F.I.A. میں مقدمہ درج کرایا ہے وہ باقاعدہ طور پہ برادر شوگر مل گئے ہیں اور انہوں نے چینی کے نمونے ان کو دکھائے ہیں۔ اور اگر ضرورت پڑے تو میں ان دو باتوں کو ثابت کر سکتا ہوں اور اگر انہیں ضرورت پیش آئی اور ظاہر ہے ایجنسیاں صحیح رپورٹیں نہیں دیتی ہیں تو اس مسئلے پر میری خدمات حاضر ہیں۔ تو فی الحال میں اس مسئلے پر زور نہیں دیتا۔

جناب چیئرمین: زور نہیں دیتے جی۔ not pressed

چوہدری شجاعت حسین: جناب والا میری گزارش ہے کہ چیف منسٹر نے میٹنگ بلائی ہے اور مجھے اس میں جانا ہے اگر میرا یہ دوسرا نمبر اا لے لیں تو مختصر سا ہے۔

جناب چیئرمین: مولینا صاحب۔

چوہدری شجاعت حسین: قاضی حسین احمد صاحب والا ہے جی۔

جناب چیئرمین: نمبر اا قاضی حسین احمد صاحب کا لے لیتے ہیں جناب قاضی حسین احمد۔

(ii) *RE* : VISIT I JOMORDAR'S DELIGETIVE TO AFGHANISTAN

قاضی حسین احمد : میں جناب تحریک التواء پیش کرتا ہوں صدر جمہوریۂ اسلامی افغانستان کی دعوت پر جماعت اسلامی پاکستان کے وفد کے اراکین کو گزشتہ روز پشاور سے بورڈنگ کارڈ جاری ہو جانے اور پاسپورٹ پر سٹیمپ لگ جانے کے بعد اچانک ایک سادہ کپڑوں میں ملبوس آدمی کی نمودار ی اور اس کی ہدایت کے بعد وجہ بتائے بغیر کابل جانے سے روک دیا اس سے نہ صرف ان سیاسی رہنماؤں کا بنیادی حق مجروح ہوا بلکہ پاکستان کی بیرون ملک بدنامی بھی ہوئی اس دوران وفد کے سربراہ جہاز میں بغیر ویزا کے سوار ہو چکے تھے اور باقی لوگوں کو ویزا کا بہانہ بنا کر روک لیا گیا جو درست نہ تھا۔ یہ چونکہ اہم اور فوری مسئلہ ہے اس لئے سینٹ کی معمول کی کارروائی روک کر اسے زیر بحث لایا جائے۔

Mr. Chairman : Is it being Opposed.

چوہدری شجاعت حسین: جی ہاں oppose کرتا ہوں۔

قاضی حسین احمد: جناب والا! یہ وفد بنیادی طور پر افغان صدر کی دعوت پر وہاں جارہا تھا۔ اور اس کے ٹکٹ بھی وہاں سے آئے تھے جو افغان گورنمنٹ نے بھیجے تھے۔ یہ بھی ایک پرانا طریقہ چلا آرہا تھا میں خود محمد داؤد خان کے زمانے میں پشاور ایئرپورٹ سے کابل ایئرپورٹ اترا ہوں پاسپورٹ لے کر اور ایئرپورٹ کے اوپر ہی مجھے ویزہ دیا گیا اور جو سرکاری مہمان ہوتے ہیں ان کے بارے میں تو اس گورنمنٹ کی ذمہ داری ہوتی ہے وہ اس کے استقبال کے لئے کھڑے ہوتے ہیں اور اسے receive کرنے کے لئے تیار ہوتے ہیں۔ اس میں ان کو ویزے کی کوئی ضرورت نہیں ہوتی۔ پھر دوسری بات یہ ہے لوگوں کو Exit لگادیا گیا بورڈنگ کارڈز جاری کردیئے گئے تو اس کے بعد تو پھر کوئی حق نہیں رہتا کہ لوگوں کو روکا جائے۔ اور ایک وفد کا جو سربراہ تھا وہ پہلے ہی جہاز کے اندر بیٹھ چکا تھا اور اس کو نہیں روکا گیا کہ تم ویزہ لے کر جاؤ، تو اس لئے جناب والا! یہ بالکل سیاسی بنیادوں پر ان کو روکا گیا ہے اور جناب والا، حکومت کو یہ معلوم ہے کہ جماعت اسلامی پاکستان کے وہاں کے لوگوں سے تعلقات ہیں خود حکومت کے ساتھ جن کے استاد ربانی صدر ہیں بھی تعلقات ہیں اور جو اپوزیشن سے بھی تعلقات ہیں۔ جماعت اسلامی بہت اچھا رول ادا کرسکتی ہے ان کو جوڑنے میں اور اس موجودہ جھگڑے کو ختم کرنے میں ایک رول ادا کرسکتی ہے۔ اور جماعت اسلامی کے لوگوں کو روکنا خود حکومت پاکستان اور قومی مفاد کے خلاف ہے۔ حکومت پاکستان ایک ایسا کام کیوں کرتی ہے جو قومی مفاد کے خلاف ہے۔ خالص اپنے سیاسی مقاصد کو آگے بڑھانے کے لئے اور اپنے ایک سیاسی حریف یا rival کو نیچا دکھانے کے لئے انہوں نے یہ کام کیا ہے۔ ان کے لئے کوئی ویزہ کی ضرورت نہ تھی ویزہ دینا تو اس حکومت کا کام ہے جن کے وہ مہمان تھے۔ اس کا پوچھنا حکومت پاکستان کا معاملہ نہیں تھا، ان کا دردسر نہیں

تھا۔ تو جناب والا یہ میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے بالکل ایک انتقامی کاروائی کی ہے اور ان کے نتیجے میں جو ہمارے پڑوسی ملک کے ساتھ بہتر تعلقات بن سکتے ہیں اس کے اندر انہوں نے خلل ڈالا ہے اور اس کی کوشش کی ہے اور افغانستان کے حالات کی جتنی بھی خرابی ہے اس میں ایک اضافہ کرنے کے لئے یہ کام کیا گیا ہے۔ میں چاہوں گا کہ حکومت اس پر وضاحت کرے کہ کیوں اس طرح کا کام کیا گیا ہے اور اگر ان کی وضاحت درست نہیں ہے تو جناب والا اس پورے معاملہ پر بحث کی جائے یہ بڑا اہم معاملہ ہے اس سے تعلقات بھی بگڑتے ہیں لہذا ایوان کی بقیہ کارروائی روک کر اس پر بحث کی جائے۔

جناب چیئرمین: جی وزیر داخلہ صاحب۔

چوہدری شجاعت حسین: جناب والا! میں گزارش کروں گا یہ حالات خراب کرنے کے لئے نہیں میرا خیال ہے یہ حالات درست کرنے کے لئے قدم تھا۔ کیوں کہ افغانستان کی حکومت نے کہا by air کابل جانے والے کسی بھی غیر ملکی کے لئے یہ لازم ہو گا کہ وہ ویزہ حاصل کر کے ہمارے ملک کے اندر داخل ہو۔ یہ ان کی ہدایات ہیں جو انہوں نے ہمیں بھیجی تھیں، اس کے علاوہ ہماری حکومت کا بھی یہ فیصلہ ہے کہ کوئی بھی آدمی by air ویزہ اور پاسپورٹ کے بغیر افغانستان نہیں جا سکتا۔ تو اس پالیسی کے تحت انہیں روکا گیا تھا نہ یہ کہا گیا تھا کہ یہ جماعت اسلامی کے ہیں یا کسی اور جماعت کے ہیں۔ یہ ہر مسافر کے لئے لازم ہے۔۔۔۔۔

جناب چیئرمین: یعنی یہ آپ کو افغان گورنمنٹ نے کہا ہے۔

چوہدری شجاعت حسین: جی ہاں افغانستان حکومت نے ہمیں کہا ہے کہ آپ کسی بھی آدمی کو ہمارے ملک میں بغیر ویزہ کے نہ آنے دیں۔ اور اسی طریقے سے ہمارے ملک کی بھی یہ پالیسی ہے کہ کوئی آدمی ویزہ اور پاسپورٹ کے بغیر by air افغانستان نہیں جا سکتا ہے۔ تو اس کے تحت یہ کیا گیا ہے۔

قاضی حسین احمد: جناب والا! میں نے تو عرض کی ہے کہ جو وفد کا سربراہ تھا اسے بغیر ویزے کے اجازت دی گئی وہ چلا گیا اور کابل میں اتر گیا اور جو باقی وفد تھا اس پر کوئی اعتراض افغان گورنمنٹ نے نہیں کیا۔ وہ بری راستے سے گئے اور ان کی وہاں مہمان نوازی کی گئی تواضع کی گئی ان کی بات سنی گئی تو ہوائی جہاز سے جانے میں کیا تبدیلی آجاتی جب کہ انہیں ایئرپورٹ پر ویزہ بھی مل جاتا ہے۔ تو پھر یہ anamoly کیوں ہوئی کہ ایک وفد کے سربراہ کو تو چھوڑ دیا گیا باقی لوگوں کو کہہ دیا گیا کہ ویزہ ضروری ہے۔

جناب چیئرمین: اگر یہ پالیسی ان کی حکومت کی طرف سے آئی ہے تو وہ تو حکومت مجبور ہو جاتی ہے حکومت کیا کرے۔

قاضی حسین احمد: جناب والا! وہ وفد کا جو سربراہ تھا وہ تو چلا گیا اسی میں۔

جناب چیئرمین: پھر اس کا مطلب یہ ہوا کہ پالیسی سے انحراف ہوا یہ تو غلطی ہو گی ناں۔

قاضی حسین احمد: ایک ہی وفد کے ایک آدمی کے بارے میں انحراف کرتے ہیں اور دوسروں کو کہتے ہیں کہ تمہیں حکومت افغانستان کی طرف سے instructions ہیں پھر اس میں فرق بھی ہونا چاہیئے کہ حکومت افغانستان کے اپنے مہمان جن کے ٹکٹ انہوں نے بھیجے تھے پھر کیسے اس کے بارے میں اور کس طریقے سے کہتے ہیں کہ ان کو ویزہ کے بغیر نہیں چھوڑا جا سکتا۔

جناب چیئرمین: ویزہ اگر اپلائی کرتے تو مل جاتا۔

قاضی حسین احمد: یہ بغیر کسی وجہ جو سبب کے، جو ظاہر ہے کہ انہوں نے بالکل غلط کارروائی کی ہے۔ اس پر پھر پرائم منسٹر کے سپیشل اسسٹنٹ چوہدری نثار علی کی طرف سے یہ سٹیٹمنٹ آئی تھی کہ مجھے پرائم منسٹر نے انکوائری کے لئے مقرر کیا ہے۔ اور میں اس کی

انکوائری کروں گا اور یہ غلط ہوا ہے۔ اب یہ کہتے ہیں کہ نہیں ان کی ہدایات پر ہوا ہے۔ اور یہ جو یہ کہہ رہے ہیں کہ یہ انسٹرکشنز اور یہ خبر۔ یہ وفد کو روکنے کے بعد اس طرح کی خبر اخبار میں دے دی گئی کہ حکومت افغانستان کی طرف سے اس قسم کی ہدایات ہیں۔ یہ خبر آنے کے بعد انہوں نے یہ ہدایات۔۔۔

جناب چیئرمین: جی چوہدری صاحب یہ کہتے ہیں کہ بعد میں کیا ہے۔

چوہدری شجاعت حسین: یہ کس طرح ہو سکتا ہے کہ ہم یہ خبر آنے کے بعد ان سے ہدایات مانگیں اور ان سے کہیں کہ ہمیں ہدایات بھیج دیں کہ اس طرح آپ روکیں۔ ایک چیز۔ جیسا کہ انہوں نے سربراہ کا ذکر کیا ہے۔ اس سے یہ چیک کیا جا سکتا ہے کہ ہو سکتا ہے کہ سربراہ کے پاس پاسپورٹ ہو، ویزہ نہ ہو باقیوں کے پاس نہ پاسپورٹ ہوں نہ ویزے۔

قاضی حسین احمد: جناب یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ باقیوں کے پاس پاسپورٹ نہ ہوں سب کے پاسپورٹ پر exit لگی ہوئی تھی۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: یہ ہدایات تو مجھے دے دیں جو وہاں سے موصول ہوئی ہیں۔

چوہدری شجاعت حسین: میں یہ ہدایات کل آپ کی خدمت میں پیش کر دوں گا۔

جناب چیئرمین: قاضی صاحب اگر ایسی صورت حال ہے کہ حکومت کی جانب سے ایسی پالیسی، requestیا انسٹرکشنز آئی ہیں تو پھر حکومت مجبور ہوتی ہے۔

قاضی حسین احمد: جناب والا! ان کی ساری سٹیٹمنٹ میں contradictions ہیں۔ جناب والا خشکی کے راستے سے جا سکتے ہیں۔ جانا تو نہیں چاہیئے لیکن چلے جاتے ہیں۔ یہ ان کی سٹیٹمنٹ ہے وزیر داخلہ کی۔ جانا تو نہیں چاہیئے لیکن چلے جاتے ہیں۔ خشکی کے راستے سے جا سکتے ہیں۔ ہوائی جہاز کے سفر پر پابندی ہے۔ پھر وفد کا سربراہ چلا گیا۔ ہو سکتا ہے اس کے

پاس پاسپورٹ ہو اور باقیوں کے پاس نہ ہو۔ یہ ساری contradictory statement ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اس پر پوری طرح بات ہونی چاہیئے۔

جناب چیئرمین: بہر حال بات ہو گئی ہے۔ یہ آپ مجھے دے دیں پالیسی سٹیٹمنٹ۔

چوہدری شجاعت حسین: یہ جناب کل میں آپ کو فارن آفس سے لے کر دے دوں گا لیکن اس کے باوجود بھی میں جو کہہ رہا ہوں، اگر وہ نہ بھی ہو۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ پاکستان گورنمنٹ کی بھی یہ پالیسی ہے کہ ویزہ اور پاسپورٹ کے بغیر کوئی شخص بائی ایئر نہیں جا سکتا۔

جناب چیئرمین: چلیں پاکستان گورنمنٹ کی پالیسی مجھے دے دیں۔

قاضی حسین احمد: جناب والا! ویزہ دینا تو اس حکومت کا کام ہے۔ ان کا دردِ سر تو نہیں ہے۔ یہ تو پاسپورٹ دیکھیں گے۔

جناب چیئرمین: لیکن حکومت یہ پالیسی تو بنا سکتی ہے۔

قاضی حسین احمد: اگر وہ وہاں سے واپس بھیج دیتے تو یہ کہتے کہ یہ واپس آ گئے۔ انہوں نے وہاں سے واپس نہیں بھیجا۔ بغیر ویزہ کے یہ لوگ چلے گئے۔

جناب چیئرمین: اگر یہ تسلیم کر لیا جائے کہ حکومت پاکستان نے یہ policy decision لیا ہے کہ ہوائی جہاز کے راستے صرف ان لوگوں کو اجازت ہو گی جن کے پاس ویزہ ہو گا تو اس پر ہم کیسے اعتراض کر سکتے ہیں۔

قاضی حسین احمد: جناب چیئرمین اعتراض اس لئے کہ اس کا سبب، وجہ ان سے معلوم کریں کہ خشکی کے راستے سے جا سکتے ہیں بغیر ویزہ کے تو ہوائی جہاز کے راستے سے کیوں نہیں جا سکتے۔ اس کا سبب معلوم کریں۔

جناب چیئرمین: آپ سوال کر لیں۔ لیکن تحریک التواء تو نہیں بنتی۔ پھر تو یہ ہے کہ پالیسی follow ہو رہی ہے جو بھی ہے، غلط ہے یا صحیح۔

قاضی حسین احمد: اچھا ان سے یہ معلوم کریں کہ خشکی کے راستے بغیر ویزہ جا سکتے ہیں اور ہوائی جہاز کے راستے نہیں جا سکتے۔ یہ دوغلی پالیسی۔ آپ ذرا لکھ کر دیں۔

چوہدری شجاعت حسین: میں صرف بائی ایئر کی پالیسی بتا رہا ہوں۔

جناب چیئرمین: بہر حال میں اسے دیکھوں گا۔

چوہدری شجاعت حسین: جناب والا اگلا بھی۔ یہ ایک منٹ کا ہے۔

جناب چیئرمین: اگلا کون سا ہے جی؟

چوہدری شجاعت حسین: وقت تو ختم نہیں ہو گیا؟

جناب چیئرمین: ٹائم ہو گیا ہے؟ میرا خیال ہے آج اور کام بھی ہے تو اس پر کر لیتے ہیں۔ اچھا اٹارنی جنرل صاحب کتنے بجے آئیں گے؟

چوہدری امیر حسین: جناب میں نے ان کا پتہ کروایا ہے۔ وہ وہاں سے چل پڑے ہیں۔

جناب چیئرمین: میرا خیال ہے کہ ان کو بلا لیں۔ شیخ رشید صاحب کو۔ ان کا کال اٹینشن بھی لے لیں۔

سیّد فصیح اقبال: پوائنٹ آف آرڈر۔ وزیر داخلہ صاحب جا رہے ہیں یہ انہی سے متعلق ہے۔

POINT OF ORDER REGARDING BOMB EXPLOSION IN KARACHI

جناب چیئرمین: وزیر داخلہ صاحب آپ کے متعلق پوائنٹ آف آرڈر ہے۔

سیّد فصیح اقبال: جناب عالی۔ آج کے اخباروں میں کراچی میں ایک بم دھماکے کا واقعہ آیا ہے جو نہایت تشویشناک ہے کیونکہ سندھ میں آپریشن ہو رہا ہے اور مکمل فوج کے کنٹرول میں ہے۔ اور نیول ڈاک یارڈ میں بم کا دھماکہ ہونا ایک نہایت تعجب اور تشویشناک بات ہے۔ ایسے موقع پر جب کہ انتظامیہ اور آپ کے ملک کی فوج کے تمام Installaions

کو پوری طرح اپنے کنٹرول میں لیا ہوا ہے ایسی حالت میں نیول ڈاک یارڈ میں جانا میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک بڑی سازش ہے۔ کیونکہ ابھی حال ہی میں پاکستان اور امریکہ کی نیوی نے joint exercise کی تھیں۔ ہو سکتا ہے کہ اس میں تخریبی کارروائی موجود ہو۔ اس سلسلے میں حکومت کو چاہیئے کہ پالیسی سٹیٹمنٹ دے۔

جناب چیئرمین: کل دیں گے؟

چوہدری شجاعت حسین: نیکسٹ ڈے پر دوں گا۔

جناب چیئرمین: چلیں نیکسٹ ڈے پر دیں گے۔

ڈاکٹر محمد ریحان: جناب اگر وزیر صاحب مہربانی کریں۔ یہ چھوٹی سی تحریک التواء ہے تو اسے ختم کر دیں۔

جناب چیئرمین: اب ٹائم ختم ہو گیا ہے۔

ڈاکٹر محمد ریحان: میرے خیال میں چوہدری صاحب نے ضروری تحقیقات کی ہوں گی۔ وہ مطمئن کر لیں گے۔

جناب چیئرمین: اب اور وقت پر اور چیزیں بھی تو ہیں۔ آئٹم نمبر ۳ مولانا ستار۔

REPORT OF THE COUNCIL OF ISLAMIC IDEOLOGY ON THE CONSTITUTIONAL REFORMS

Maulana Abdus Sattar Khan Niazi : Sir, I beg to lay before the Senate, the copies of the Report of the Council of Islamic Ideology on the Constitution Reforms, as required by clause (4) of Article 230 of the Constitutional of Islamic Republic of Pakistan read with sub-rule (1) of rule 139 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988.

Mr. Chairman : The report stands laid.

اب نمبر ۴ پڑھ دیں جی۔ جی جناب۔ پوائنٹ آف آرڈر۔

حافظ حسین احمد: جناب چیئرمین صاحب۔ ہم آدھے پر عمل کرتے ہیں۔ لا تقربوا الصلوٰۃ۔ سوال یہ ہے کہ آپ یہ ۲۳۰ کو دیکھ لیں اس میں یہ واضح طور پر ہے کہ اسلامی نظریاتی کونسل کی رپورٹس نہ صرف قومی اسمبلی صوبائی اسمبلی اور سینیٹ کے ایوان میں پیش کی جاسکتی ہیں بلکہ ان رپورٹوں پر ڈسکشن بھی ہو گی اور اس سے آگے بڑھ کر اس پر قانون سازی بھی ہو گی۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ اگر آپ مہربانی فرمائیں اور کم از کم پچھلے سال جو ہمیں رپورٹ پیش کی گئی تھی اس پر بھی آپ نے وعدہ فرمایا تھا۔ ابھی آپ اس پر بحث کے لئے بھی وقت مقرر فرمائیں۔ ہم چھوٹے چھوٹے مسائل کر بارے میں تو وقت لے لیتے ہیں۔ لیکن اسلامی نظریاتی کونسل کی رپورٹس ایک اہم مسئلہ ہے۔

جناب چیئرمین: مولانا صاحب ہی اس کو discussion کے لئے لائیں گے۔ جی جناب مولانا صاحب نمبر ۴ بھی پڑھ دیں۔

Maulana Abdus Sattar Khan Niazi : Sir, I beg to lay before the Senate, the copies of the annual report of the Council of Islamic Ideology for the year, 1990-91, as required by clause (4) of Article 230 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, read with sub-rule (1) of rule 139 of the Rules of Procedure and Conduct of business in the Senate, 1988.

جناب چیئرمین: جی Report stands laid نمبر ۵ پڑھ دیں مولانا صاحب۔

Maulana Abdus Sattar Khan Niazi : Sir, I lay before the Senate, the copies of the Report of the Council of Islamic Ideology on Injunctions of Islam, as required by clause (1) (d) of Article 230 of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan.

جناب چیئرمین: جی The report stands laid اب اس کو بعد کال اٹینشن ہے۔ شیخ رشید صاحب ہیں؟

چوہدری امیر حسین: جناب شیخ رشید صاحب آج نہیں ہیں۔

جناب چیئرمین: پھر کون جواب دے گا۔

سیّد فصیح اقبال: جناب آپ سن لیں۔

جناب چیئرمین: میرا خیال ہے یہ ایسا مسئلہ ہے کہ شیخ رشید صاحب۔ وہ یہیں تھے۔ ان کو بلالیں۔

چوہدری امیر حسین: جناب وہ ان کے جے ایس۔ ڈپٹی سیکرٹری آئے ہیں۔ وہ پتہ نہیں کسی میٹنگ میں گئے ہیں۔

جناب چیئرمین: پتہ کر لیجئے۔

چوہدری امیر حسین: ابھی دوسرا بزنس کر لیتے ہیں۔

جناب چیئرمین: اور کون سا بزنس ہے۔

چوہدری امیر حسین: جناب وہ جو طارق چوہدری صاحب نے پوائنٹ آف آرڈر ریز کیا تھا۔

جناب چیئرمین: وہ اٹارنی جنرل صاحب! جائیں۔ طارق چوہدری صاحب میرے خیال میں مناسب یہ ہوگا۔ آپ نے اپنا نقطہ نظر تو بیان کر دیا ہے۔ ان کو سن لیں پہلے؟

جناب محمد طارق چوہدری: جی پہلے ان کو سن لیتے ہیں۔

جناب چیئرمین: ان کو پہلے سن لیتے ہیں ان کے بعد پھر آپ کو سن لیں گے۔

چوہدری امیر حسین: اگر جناب اجازت دیں تو میں نے بھی کچھ تیاری کی ہے میں اس پر اپنا نقطہ نظر بیان کر دوں۔

جناب چیئرمین: ابھی کریں گے یا؟

چوہدری امیر حسین: جناب ابھی اگر ہو جائے۔

جناب چیئرمین: چلیں ابھی کر لیں۔

سیّد فصیح اقبال: جناب پہلے کال اٹینشن تو کر لیں۔

جناب چیئرمین: وہ شیخ رشید صاحب آ جائیں۔

سیّد فصیح اقبال: جناب اگر شیخ رشید صاحب نہ آئیں؟ اب یہ بڑا مسئلہ ہے۔ جناب یہ تین دن سر چل رہا ہے۔

جناب چیئرمین: فصیح صاحب۔ بات تو سنیں۔ کال اٹینشن پر وزیر صاحب کا بیان آنا ضروری ہے۔ کیونکہ وہ مسئلہ ایسا ہے۔ بہت اہم مسئلہ ہے۔ اگر وزیر صاحب نہیں ہوں گے تو پھر فائدہ کیا اس کا۔

سیّد فصیح اقبال: نہیں وزیر برائے پارلیمانی امور موجود ہیں۔ جو دنیا بھر کے کام نپٹا رہے ہیں۔ اور کوئی وزیر نہیں ہوتا۔ خود ہی جواب دیتے ہیں۔

جناب چیئرمین: آپ نے جو مسئلہ اٹھایا ہے وہ قائداعظم ریذیڈنسی کا ہے۔ اس پر میرے خیال میں آپ چاہیں گے کہ وزیر صاحب کوئی کمٹمنٹ کریں۔

سیّد فصیح اقبال: جناب پہلے صورت حال سنیں۔ ان کی کمٹمنٹ بھی ایسی ہی ہو گی جیسے آج ہوئی ہے۔

چوہدری امیر حسین: جناب اگر فاضل ممبر چاہتے ہیں تو میں نے ابھی فائل ان کے ہاتھ سے لی ہے۔ میں پڑھ کر سنا دیتا ہوں۔

جناب چیئرمین: ہے آپ کے پاس؟ چلیں کال اٹینشن نوٹس لے لیتے ہیں۔

سیّد فصیح اقبال: جناب کال اٹینشن نوٹس یہ ہے۔

CALL ATTENTION NOTICE REGARDING ZIARAT RESIDENCY

Syed Faseih Iqbal : It is Call Attention Notice under Rule 59. I wish to call attention of the Minister for Culture to the report

appearing in the Baluchistan Times dated 10-8-1992under the heading 'Ziarat Residency faces danger of extinction'. The Ziarat Residency was used by Quaid-e-Azam Muhammad Ali Jinnah during last days of his life. It is a building of historic and national importance, because of its importance it was declared a national monument and taken over by the Federal Government. However, since then the building has badly fallen into dis-repair and is presently in a dilapidated condition. The building is an estate which will give shame to any Pakistani. the gardens and the lawns of the residency which are perhaps the most beautiful in the entire country, have now deteriorated.There is not sufficient staff to look after either the building or the lawns. The Federal Government has not released any funds for the restoration and maintenance of the Residency, nor is any care and attention being given to this historic and national monument. The attention of the honourable Minister is invited to the state of affairs and he is requested to make a statement on behalf of the Government as to what steps he has taken to restore the Residency to its original shape.

سیّد فصیح اقبال: جناب چیئرمین، جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ زیارت ریذیڈنسی میں قائداعظم نے اپنے آخری ایام گزارے اور میرا خیال ہے صحت کے لحاظ سے وہ علاقہ آج بھی بہت بڑا مقام رکھتا ہے قائداعظم جب وہاں تشریف لائے تو انہوں نے اس علاقے کو بڑا پسند کیا بلکہ اپنی زندگی کے آخری لمحات انہوں نے اسی زیارت residency میں گزارے، زیارت residency, Governor House کی تحویل میں تھی ۱۹۸۹ء تک residency عوام کے لئے بھی کھلی تھی اور جو فرنیچر اس وقت قائداعظم کے زیر استعمال تھا، جو چیزیں تھیں وہ سب وہاں موجود تھیں ایک تو یہ پہلو خوش آئند تھا کہ اس وقت کی حکومت نے ۱۹۸۹ء میں اس کو قومی یادگار قرار دیا۔ جناب چیئرمین صاحب، جب بلڈنگ کو قومی یادگار قرار دیا گیا تو بلوچستان کے لوگوں کا خیال یہ تھا کہ اب حکومت اس کے لئے اہتمام کرے گی۔ پاکستان کے دور دراز علاقوں سے جو سیاح زیارت آتے ہیں وہ سب سے پہلے بابا خرواری اور residency جاتے ہیں جب انہوں نے محسوس کیا کہ یہ اب قومی یادگار بن چکی ہے تو لوگوں

کو بڑی توقعات تھیں لیکن ہوا یہ کہ جس دن یہ قومی یادگار قرار دی گئی تو پہلے تو محکمے کے طرف سے تالا لگا دیا گیا اور آج ڈھائی سال ہو گئے ہیں۔ ہر پاکستانی حکومت کی اس بد نظمی اور غفلت کی مذمت کرے گا کہ اس نے اس قومی یادگار کو ایک ایسی اہم عمارت کو جو Father of the Nation سے موسوم ہے۔

(اس مرحلے پر جناب فدا محمد خان نے کرسی صدارت سنبھالی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی فصیح اقبال صاحب۔

سیّد فصیح اقبال: اچھا ہوا اب آپ موجود ہیں کیوں کہ آپ نے قائداعظم کے ساتھ کام بھی کیا ہے اور صحیح طور پر ایک ایسا شخص موجود ہے جو اس چیز کو زیادہ realize کر سکے گا۔ اندازہ جناب یہ ہے قائداعظم جو ہمارے Father of the Nation ہیں کی اسی عمارت کے ساتھ آپ کی حکومت کا یہ رویہ اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ پاکستان میں جتنی قومی یادگاریں ہیں یا جو قومی یادگاروں کی عمارتیں ہیں ان کا کیا حال ہو گا ڈھائی سال سے تالا لگا ہوا تھا ابھی ایک ماہ پہلے میں زیارت گیا تو اس کا تالا کھلوایا پتہ یہ چلا کہ اب ایک کام انہوں نے کیا کہ original colour کو آگ لگائی ہے تاکہ نیا پینٹ کیا جائے اب انہوں کیا کہ اس کی اصلی شکل بھی مسخ کر دی ہے اور اس پر تمام بلوچستان کے لوگوں نے احتجاج کیا ہے کہ یہ residency واپس حکومت بلوچستان کو دیں ہمارے پاس اتنے پیسے ہیں کہ ہم اپنی اس residency کا اور اپنی اس عمارت کا خود تحفظ کر سکتے ہیں اور یہ نہایت افسوس کا مقام ہے کہ حکومت کے پاس محکمہ culture ہے جو culture کے تحفظ کے لئے کام کر رہا ہے جب آپ نے اپنے Father of the Nation کے ساتھ جس نے اس قوم پر احسان کیا، جو قوم کا بنانے والا ہے یہ کیا ہے یعنی عالم یہ ہے کہ پورے ملک کو شرم کے ساتھ یہ دیکھنا چاہیئے کہ یہ ہے حکومت کا مسئلہ۔ جو بھی حکومت آتی ہے، ڈھائی سال ہو گئے ہیں اور ۱۸ مہینے میں دو

مرتبہ وزیر اعظم صاحب زیارت آئے انہوں نے بھی announce کیا لیکن افسوس ہے حکومت نے ان کی باتیں بھی نہیں مانی اس کا مطلب ہے کہ یہاں ایک ایسا عنصر ہے جس کا قومی مسائل کے ساتھ ایسا رویہ ہے اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کے اس محکمے نے heritage کی بھی پرواہ نہیں کی۔

اس سلسلے میں، میں آپ کے سامنے ایک بڑا انکشاف کرنا چاہتا ہوں اس subject سے کہ مہر گڑھ Civilization سے پانچ ہزار اور دس ہزار بی سی کے نوادرات ملے وہ سب فرنچ اور Italian لے گئے ہیں آج تک حکومت کو نہیں پتہ یہ عجیب حکومت چل رہی ہے۔ اپنے نوادرات کا حکومت کو علم نہیں ہے ان کے محکمے ہیں وہ ساز باز کر کے تمام چیزیں' فرانس لے گئے ہیں بلوچستان کا ایک عجائب گھر فرانس میں بنایا گیا ہے۔ جو مہر گڑھ میں بننا چاہیئے جہاں سے چیزیں نکلی ہیں ابھی مکران میں اٹلی والوں نے کھدائی کی ہے آج تک کسی کو نہیں پتہ ایک چپراسی زیارت ریذیڈنسی کے لئے موجود ہے جب کہ جب یہ ریذیڈنسی حکومت بلوچستان کے پاس تھی تو وہاں ۷۲ مالی کام کرتے تھے اور لوگ لان دیکھنے آتے۔ ریذیڈنسی دیکھنے آتے تھے آج یہ حالت ہے کہ جو بھی سیاح جاتا ہے یہ محسوس کرتا ہے کہ کہ یہ زیر تعمیر ہے ڈھائی سال ہو گئے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ اس مسئلے پر حکومت کو فوری طور پر کوئی policy statement دینا چاہیئے اور اپنی ناکامی کا اعتراف کرنا چاہیئے اور اس کو فوری طور پر حکومت بلوچستان کو یا گورنر بلوچستان کو منتقل کرے ہمارے پاس تعمیر وطن کے فنڈ ہیں ہم اس فنڈ سے بھی کر سکتے ہیں لیکن افسوس یہ ہے کہ عمارت کے ساتھ ناروا سلوک کیا جارہا ہے یہ حکومت کی نہایت بے حسی ہے اور جو حکومت اس بات کا دعویٰ کرتی ہے کہ ہم اپنے منشور پر چل رہے ہیں' قائداعظم کے بنائے ہوئے اصولوں پر چل رہے ہیں وہ اپنی اس عمارت کا تحفظ نہیں کر سکی تو وہ اور کیا کر سکے گی' شکریہ۔

چوہدری امیر حسین: جناب والا میں فاضل ممبر کا شکر گزار ہیں کہ انہوں نے واقعی ایک نہایت اہم معاملے کی طرف توجہ دلائی اور نوٹس دیا۔ میں اس بارے میں چند ایک گزارشات کروں گا اور امید کروں گا اگر وہ اتفاق کریں گے اور حکومت نے جو اقدامات کئے ہیں فاضل ممبر اس کو appreciate بھی کریں گے۔

جناب والا! اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ قومی ورثہ ہے اور اس کو قومی ورثہ declare بھی کیا گیا اور اس کا چارج محکمہ آثار قدیمہ نے جون ۱۹۸۷ء میں لیا محکمہ اپنے محدود وسائل کے باوجود اس کی preservation کے لئے کوشش کرتا رہا لیکن یہ بات درست ہے کہ بلوچستان کی صوبائی حکومت اس بات سے مطمئن نہیں تھی چنانچہ جولائی ۱۹۹۱ء میں صوبائی حکومت کے کنٹرول میں دے دیا جائے وزیر اعظم پاکستان نے اس قومی ورثہ پر خصوصی توجہ کے لئے کہا۔ چونکہ یہ قومی ورثہ ہے اس لئے وزیر اعظم پاکستان کو بتایا گیا کہ اس کو وفاقی حکومت کے پاس رہنا چاہیئے یہ محکمہ کی طرف سے advise کیا گیا کہ پوری قوم کے لئے یہ ایک ورثے کی صورت رکھتا ہے اور پوری قوم کو فخر ہے کہ Father of the Nation کی یادیں اس سے وابستہ ہی اور اصولی طور پر فیصلہ کیا گیا اس کی ملکیت یا overall کنٹرول مرکزی حکومت کے پاس رہنا چاہیئے لیکن صوبائی حکومت نے بھی جو بات کی تھی اس میں بھی کچھ وزن تھا اور اس کو بھی مد نظر رکھتے ہوئے یہ فیصلہ کیا گیا کہ اس کی renovation اور اس کی جو preservation ہے اس کو صوبائی حکومت کے تحت کیا جائے چنانچہ protection اور renovation کے لئے اس کا کنٹرول بلوچستان کے گورنر کو دے دیا گیا لیکن اس کے جو اخراجات تھے وہ وفاقی حکومت پاکستان برداشت کرتی تھی اور خرچ کس طرح کرنا ہے It is up to the Governor of Balochistan چنانچہ جناب جنوری ۱۹۹۲ء میں اس تجویز کو منظور کر لیا گیا' اور جناب اس پر جو توجہ دی گئی یا اخراجات کئے گئے میں اس کا بڑا مختصر سا جائزہ لوں گا۔

جناب والا جون ۱۹۹۲ء میں بلوچستان کی صوبائی حکومت کو renovation اور preservation کے لئے ۱۸ لاکھ ۵۷ ہزار روپے release کیا گیا' اس کے لئے ایک PC-I بنایا گیا جس میں residency کو renovate کرنے کے لئے ۶۹ لاکھ ۷۲ ہزار روپے کا تخمینہ لگایا گیا یہ تخمینہ اخراجات کی Assessment کے بعد لگایا گیا جس میں سے پہلے ۱۸ لاکھ ۵۷ ہزار روپے کی رقم release کی گئی۔ صوبائی حکومت نے نیئر علی دادا کو اس پروجیکٹ کا مقرر کیا یعنی It was up to discretion of the Provincial Government and the Governor کہ وہ کس کو مقرر کرتے' چنانچہ انہوں نے خود یہ suggest کیا کہ نیئر علی دادا سے اس کام کو کرایا جائے Departmental Development Working Party نے جس کے چیئرمین Secretary Culture ہیں PC-I اصولی طور پر منظور کر لیا اور صوبائی حکومت سے کچھ مزید معلومات منگوانے کے لئے کہا گیا چنانچہ اس پروجیکٹ کو دوبارہ میٹنگ میں پیش کیا جائے گا جو میٹنگ ۱۹ اگست کو ہو رہی ہے اس مالی سال میں پروجیکٹ کے لئے رقم مہیا کر دی جائے گی حکومت Archaeology Department کے لئے ۱۲ کروڑ ۳۱ ہزار روپیہ اصولی طور پر منظور کیا ہے جو کہ اس کے لئے خرچ کیا جائے گا یعنی یہ رقم اس مد مین خرچ کی جائے گی اب جناب والا مرمت کی جو لاگت برائے سال ۹۸-۱۹۸۸ء اور ۹۰-۱۹۸۹ء ہے اس سے ۸۹-۱۹۸۸ء میں ۹۰ ہزار روپے خرچ کئے گئے تھے اور ۹۰-۱۹۸۹ء میں ۹۵ ہزار روپے خرچ کئے گئے۔ جناب والا میں ایک بات یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ ۸۹-۱۹۸۸ء میں ہماری حکومت نہیں تھی اب جناب والا! یہ ہے کہ Residency کا جو سٹاف ہے اس کے لئے فاضل ممبر نے توجہ دلائی ہے کہ وہ بہت کم ہے اس میں جناب والا میں گزارش کرتا ہوں کہ اس میں ایک Tourist Guide ہے وہ ۱۶ سکیل کا آدمی ہوتا ہے۔ ایک Head Attendant ہے اور دو ڈرائیور ہیں ٹیوب ویل کے لئے ایک چوکیدار ہے ایک مالی ہے۔ اس

طرح وہاں آٹھ کا سٹاف ہے۔ان میں ایک ۱۶ گریڈ کا' ایک ۴ گریڈ کا' یہ ڈرائیور بھی ۴ گریڈ کے' دو مالی اور چوکیدار سکیل ون کے ہیں اس کے علاوہ renovation work ہوا اس کا جو estimate لگایا گیا میں اس کی بھی ذرا تفصیل بتادوں۔ میں بلڈنگ پر ۱۶ لاکھ ۶۱ ہزار روپے خرچ کا تخمینہ ہے۔ Boundary وال اور other services پر ۲۲ لاکھ ۱۹ ہزار روپیہ ایکسٹرنل ورک اور land scaping پر ۸ لاکھ ۴۰ ہزار فنشنگ پر دس لاکھ دوسری contingencies fifty per cent 8 lacs 58 thousand rupees اور consultancy fees ۶۹ لاکھ ۱۲ ہزار روپیہ جیسے میں نے پہلے گزارش کی ہے کہ اس میں کچھ رقم پہلے ریلیز کر دی گئی ہے جناب والا ۱۹ اگست کو اس کی میٹنگ ہو رہی ہے۔اس کے بعد یہ رقم ریلیز کر دی جائے گی اور یہ جو قومی ورثہ ہے اکاایڈمنسٹریٹو کنٹرول صوبائی حکومت کے گورنر کو دیا ہی اس لئے گیا ہے کہ وہ خاص طور پر اس کو lookafter کریں اور میں فاضل ممبر کو یقین دلاتا ہوں اس طرف خصوصی توجہ دی جائے گا اور یہ کوئی احسان بھی نہیں' یہ ہمارے محسن کی یادگار ہے۔اس لئے اس میں کسی قسم کی کوتاہی نہیں کی جائے گی اور اس کی صحیح طریقے سے نگہداشت بھی کی جائے گی۔اس قومی ورثہ کی Renovation اور دوسری ضرورتوں کے لئے مرکزی حکومت رقم ریلیز کرے گی اور گورنر بلوچستان آپ پر کام کرائیں گے۔

سیّد فصیح اقبال: میں عرض کروں گا کہ ہمارے وزیر صاحب نے جو اعداد و شمار دیئے ہیں یہ اعداد و شمار کے محکمے نے بہم پہنچائے ہیں ان کا اس میں کوئی قصور نہیں ہے۔

(interruption)

85

سیّد فصیح اقبال: میں عرض کرتا ہوں ابھی ۴۵ دن پہلے آیا تھا میں وزیر موصوف کو بتانا چاہتا ہوں چونکہ ان کا سبجیکٹ بھی نہیں ہے شیخ رشید صاحب ہوتے تو وہ بتاتے لیکن وہ بھی یہی بتاتے جو ان کو کاغذ دیا گیا ہے یہ نہایت ایک جھوٹ کا پلندہ ہے میں اس لئے کہہ رہا

ہوں کہ ایک مالی سے اتنا بڑا لان ' ۱۵ آؤٹ ہاؤسز گر گئے ہیں اس میں آؤٹ ہاؤسز کا کہیں ذکر نہیں ہے جب ریزیڈنسی تھی تو اس میں پولیس کے ۶ کوارٹر تھے ' کک کا کوارٹر تھا وہ چار سال کی عدم توجہی سے ملیا میٹ ہو گئے ہیں ان کا کوئی وجود نہیں ہے جس کے لئے ضروری ہے کہ ان کی تعمیر ہو۔

(مداخلت)

سیّد فصیح اقبال: جناب میری بات سنئیآپ مسئلے پر کچھ بول ہی نہیں سکتے میں عرض کر رہا ہوں کہ ۸۷ء میں یہ مسئلہ ہوا میں نہیں کہتا کہ کسی کب بھی گورنمنٹ ہو۔ قائداعظم کے بارے میں کسی گورنمنٹ نے کوئی ایسی بات نہیں کی یہ الزام لگانا ہے ۸۷ء میں کلچر کا محکمہ موجود تھا۔ Archive کا محکمہ موجود تھا ان کے ڈائریکٹر جنرل کو توفیق نہیں ہوئی کہ ۸۷ء سے آج تک ایک وزٹ کریں انہوں نے ایک لوکل آدمی کو رکھا ہے جسے گائیڈ کا نام دیتے ہیں وہ وہاں کا رہنے ولا ہے وہ اسی طرح زیارت کو جانتا ہے جیسے زیارت کا ہر باشندہ لہذا وہ ٹورسٹ گائیڈ کیا ہمارا ہر زیارت کا باشندہ ٹورسٹ گائیڈ ہے وہ خود بتا رہا تھا کہ نلکے کے پائپ کے لئے ۷ ارو پے نہیں ہیں۔ جب ۷ ارو پے دیکھیئے وہ ایک ڈوری باندہ کر تلکے کو پانی دے رہا تھا۔ جناب یہ بات محکمے نے بنائی ہے چونکہ ہمارا cal attention آیا ہے اس سے کوئی تعلق نہیں محکمہ Archive کا بجٹ ۱۳ / ۱۲ کروڑ کا ہے اس زیذیڈنسی کے لئے آج سے ایک سال پہلے وزیر اعظم نے ۵۰ لاکھ روپے کا اعلان کیا تھا صرف اس زیذیڈنسی کی renovation کے لئے آج تک رہلیز نہیں ہوا ۲۵ لاکھ روپے پرسوں جمالی صاحب نے رہلیز کئے ہیں۔ صوبائی گورنمنٹ نے اور وہ بھی اس لئے کہ فیصلہ ہوا کہ گورنر کو دیا جائے بھور بن میں ایک فنکشن تھا وہاں چیئرمین صاحب نے زبانی بات کی۔ تو ہمارے نواز شریف صاحب نے کہا کہ بھئی آپ ٹیک اوور کر لیں اس نے کہا کہ کوئی نوٹیفکیشن ' کہنے لگے کہ

نوٹیفکیشن آ جائے گا۔ اب پتہ یہ چلا ہے کہ نوٹیفکیشن ایشو نہیں ہوا اور از خود بلوچستان گورنمنٹ نے یہ ۲۵ لاکھ روپے دیئے ہیں افسوس کا مقام ہے کہ نیئر علی دادا کا وہاں کیا تعلق ہے۔ آپ زیارت میں جائیں جس طرح یہ اوریجنل شکل ہے اسی طرح ہم چاہتے ہیں اس کو کالا کیا گیا ہے میرے پاس تصویر ہے۔ یہ چیئرمین صاحب آپ کو دے دیتا ہوں آپ دیکھ لیں اس کو سیاہ کر دیا گیا ہے۔ یہ ریذیڈنسی اپنی شکل میں تھی اس کو آگ لگا کر سیاہ کیا اور اس کو سفید پینٹکر رہے ہیں۔ اپنی اصلی شکل میں تھی جس میں ساگوان کی لکڑی تھی Swedish wood یہ انگرزوں کے زمانے ۱۸۷۶ء میں بنی تھی اور وہ وہاں سویڈن سے لائے تھے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ آگ کیسی لگی؟

سیّد فصیح اقبال: یہ آگ نہیں۔ یہ انہوں نے اس کو جلایا ہے تاکہ لکڑی کو نیا پینٹ کریں اور اوریجنل کو ختم کریں۔ یہ آپ قومی ورثے کی بات کرتے ہیں آپ لوگ کیا بات کرتے ہیں دیکھیں میں یہ تصویر لے کر آیا ہوں اور اس میں اپنے چیئرمین صاحب بھی کھڑے ہوئے ہیں آپ لوگ جب ایسی باتیں کرتے ہیں تو مجھے افسوس یہ ہوتا ہے کہ باقی چیزیں ہوتی تو ہم آپ سے بات نہ کرتے آپ فادر آف دی نیشن کے لئے ایسی باتیں کر رہے ہیں۔ پھر سارے محکمے کی جتنی اطلاع ہے۔

(مداخلت)

سیّد فصیح اقبال: میری بات سنیں اس مسئلے پر لوگوں کے جذبات ہیں آپ کیا بات کرتے ہیں اس مسئلے پر تو ہم resolution حکومت کے خلاف پاس کریں گے۔

چوہدری امیر حسین: call attention notice پر بات ہونی ہے۔ یہ نہیں ہو سکتا۔

سیّد فصیح اقبال: call attention پر ہی میں بات کر رہا ہوں۔ قومی مسئلوں پر اس طرح کوئی کال attention نہیں ہوتا۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ تصویر لے لیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: unfortunately یہ میری اپنی کمزوری بھی ہے اس لئے میں fullان کو موقع دے رہا ہوں۔

(مداخلت)

سیّد فصیح اقبال: آج اچھا ہوا۔ ہمارے وزیر صاحب نے ۸۷، ۸۸، ۸۹، ۹۰، ۹۱، اور جنوری ۹۲ء تک تالا لگا رکھا۔ اور ایک مالی رکھنے پر ۲۲ مالی کی جگہ۔

(اس مرحلے پر جناب چیئرمین کرسی صدارت پر متمکن ہوئے۔)

سیّد فصیح اقبال: جناب چیئرمین صاحب بھی آ گئے یہ ماشاء اللہ تبدیلی بھی میرے لئے بہتر ہو رہی ہے۔ کیونکہ آپ بھی زیارت گئے تھے۔ دیکھیئے جناب میں اسی ریذیڈنسی کی تصویر لایا ہوں جو اس کو دوسری شکل دینے کے لئے انہوں نے سیاہ کیا ہے اور وہاں کے عملے نے ہمیں صاف صاف بتایا کہ حکومت کی طرف سے ۱۵ یا ۲۰ روپے بھی نہیں ملتے کہ ہم نلکے کی ٹوٹی ٹھیک کر سکیں اس لئے کہ وہ سوتیلی سے بندھا ہوا تھا جب ہم نے تمام علاقے کا دورہ کیا تو دیکھا کہ سات مکان گرے ہوئے تھے آؤٹ ہاؤسز جتنے تھے اس میں جناب ہماری حکومت کی غفلت ہے۔ آپ کیوں نہیں اعتراف کرتے۔

جناب چیئرمین: بہرحال اب بات ہو گئی نا۔ آپ نے بات کر لی ان کا جواب بھی آ گیا۔

سیّد فصیح اقبال: ان کے جواب سے تو میں مطمئن نہیں ہوں۔ ان کا قصور نہیں میں ان کا بڑا احترام کرتا ہوں یہ تو بڑے عوامی ہیں۔

جناب چیئرمین: مطمئن کی بات نہیں۔ کال اٹینشن کا مطلب یہ ہوتا ہے ان کی توجہ

ایک اہم قومی مسئلے کی طرف مبذول کرادی جائے۔

سیّد فصیح اقبال: یہ کال اٹینشن سے بڑا national attention ہے۔ یہ قائداعظم کا مسئلے اس میں قائداعظم attention ہے۔

جناب چیئرمین: ہمیں آپ کا شکر گزار ہونا چاہیئے کہ آپ نے ایک بہت اہم مسئلے کی صرف حکومت کی توجہ دلائی ہے اس معاملے پر واقعی ان کی خصوصی ذاتی توجہ کی ضرورت ہے۔ فصیح صاحب جو بیان کر رہے ہیں وہاں پر دیکھا ہے کہ حالات ٹھیک نہیں ہیں۔

چوہدری امیر حسین: جناب والا! گزارش یہ ہے۔ میں نے پہلے بھی گزارش کی ہے میں تو ان کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے توجہ دلائی ہے چنانچہ جو انہوں نے ایسٹمیٹ دیا وہ رقم ریلیز کر دی گئی ہے اس کیعلاوہ اگر رقم کم ہوئی تو مرکزی حکومت مزید ریلیز کرے گی۔

جناب چیئرمین: کتنی اور سوال یہ ہے کہ کب کرے گی۔

جناب امیر حسین: کچھ رقم تو ریلیز کر دی گئی ہے۔

جناب چیئرمین: وہاں پر جو حالات ہیں وہاں پر کچھ نہیں پہنچا۔

جناب امیر حسین: کچھ رقم تو ریلیز کر دی گئی ہے۔

جناب چیئرمین: وہاں پر جو حالات ہیں وہاں پر کچھ نہیں پہنچا۔

چوہدری امیر حسین: سر ۱۹ تاریخ کو کل میٹنگ ہو رہی ہے۔

جناب چیئرمین: کل میٹنگ کے بعد بھی ہاؤس کو بتادیں کہ کیا ہوا۔

چوہدری امیر حسین: ٹھیک ہے۔

سیّد عباس شاہ: پوائنٹ آف آرڈر، جناب چیئرمین فصیح صاحب نے اپنی تقریر کے دوران جب چینج اوور ہو رہا تھا تو اس نے کہا کہ یہ تبدیلی میرے لئے بہتر ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم کوئی بھی ممبر آپ کی سیٹ پر نہ بیٹھیں۔ اس کو ایکس پنج کیا جائے۔

جناب چیئرمین: expunged

سیّد فصیح اقبال: ناٹ ایکس پنج personal explanation۔ میں نے صرف یہ کہا تھا اس کو غلط رنگ دیا ہے۔

ڈاکٹر بشارت الٰہی: آپ نے یہ کہا تھا خان صاحب چونکہ قائداعظم کے ساتھی رہ چکے ہیں اس لئے اس کا اس کرسی پر بیٹھنا بھی خوش آئیندہ ہے یہ بات کہی تھی۔ he meant no offends to any body.

Mr Chairman : If the remark has created some misunder-standing. اور عباس شاہ صاحب insist کر رہے ہیں۔

سیّد فصیح اقبال: نہیں نہیں آپ کے بارے میں بھی اس لئے کہا کہ آپ زیارت ریذیڈنسی دیکھ کر آئے تھے اس لئے میں نے کہا اور کوئی بات نہیں۔

جناب چیئرمین: اچھا جی اقبال احمد خان صاحب۔

جناب اقبال احمد خان: جناب جہاں ہم فصیح اقبال صاحب کے شکر گزار ہیں اور خوشی ہے کہ منسٹر صاحب نے اس کا احساس کر لیا کچھ فنڈز کی بات کی میں آپ سے استدعا کروں گا کم از کم منسٹر صاحب اس ہاؤس کو یہ تو یقین دلا دیں۔ پیسوں کا حساب تو بعد میں ہوتا رہے گا اور وقت کا خدا جانے۔ کیونکہ ساری باتیں گا۔ گے۔ گی پر ہوتی ہیں اللہ کرے یہ پوری ہو جائیں یہ omitt کریں کہ زیذیڈنسی کو اس شکل میں restore کیا جائے گا۔ جو قائداعظم کی زندگی میں تھی۔

جناب چیئرمین: جمنسٹر صاحب 'اس پر آپ کچھ کہنا چاہیں گے۔

چوہدری امیر حسین: جناب والا 'جو کل میٹنگ ہو رہی ہے اس میں یہ پوائنٹ لیا جائے گا۔ میں تو جناب خود بھی وہاں گیا ہوں۔ اور جناب والا 'کون مسلم لیگی ہے جو اس پر اعتراض کرتا ہے۔

ایک معزز رکن: وہاں تالا لگا ہوا ہے۔

چوہدری امیر حسین: بہر حال جب میں گیا تھا تو وہاں تالا نہیں لگا ہوا تھا۔

جناب چیئرمین: مقصد یہی ہے کہ residency اسی حالت میں ہو جس حالت میں وہ قائداعظم کے قیام کے وقت تھی۔

چوہدری امیر حسین: جناب والا! میں concerned منسٹری اور منسٹر صاحب کو بھی اس کے بارے میں مطلع کروں گا۔

جناب چیئرمین: انور سیف اللہ صاحب، آپ بھی اس کے بارے میں کچھ کہنا چاہتے ہیں۔

جناب انور سیف اللہ خان: جناب والا! آپ جانتے ہیں کہ قائداعظم پاکستان کے بانی ہیں اور شکر الحمد اللہ آج انہی کی پارٹی حکومت میں ہے اور انشاء اللہ اسے اس بات کا احساس ہے۔ میں بحیثیت وزیر ماحولیات و شہری امور اس ہاؤس کو یقین دلاتا ہوں ہم انشاءاللہ نہ صرف زیارت residency کو بلکہ اور بھی جو جگہیں ہیں جیسے کراچی میں Flag Staff House ہے، جو ہمارے قائداعظم کا مزار ہے ان سب کا خیال رکھے گا۔ آپ کو خوشی ہو گی کہ قائداعظم کے مزار کے لئے ۲۵ کروڑ روپے کی سکیم انشاءاللہ جنوری میں ہم قائداعظم کے مزار کے ارد گرد کام شروع کریں گے، وہاں ۱۳۱ ایکٹر زمین ہے وہاں پر باغ بنیں گے، وہاں پر بچوں کے لئے، خواتین کے لئے، باقاعدہ درخت لگیں گے۔ انشاءاللہ شالیمار ٹائپ کا باغ وہاں بھی بنے گا اور زیارت residency پر بھی Sir, as the Minster for Environment I would like to commit in this House that we shall not allow it sir, to deteriorate any further and will give total attention and whatever funds are required we shall Insha Allah provide those funds.

جناب چیئرمین: جناب اٹارنی جنرل صاحب۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: جناب والا، میں عرض کرنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین: ''توجہ دلاؤ نوٹس'' پر صرف move ہی بات کر سکتا ہے' بحث نہیں ہوتی ہے۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: جناب والا! بحث نہیں کر رہا بلکہ explanation چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین: میں عرض کر لوں' رولز کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ کارروائی بہتر طور پر چلے اگر ہر مسئلہ پر بحث شروع کر دی جائے تو یہ کال اٹینشن بے معنی ہو جائے گا۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: debate نہیں بلکہ صرف توجہ دلانا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین: توجہ تو انہوں نے دلا دی ہے' اب آپ بھی نوٹس دے دیں۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: صرف ان کی توجہ دلانا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین: دیکھیں' اگر ہم رولز کو وائیلیٹ کریں گے تو پھر procedure صحیح نہیں چل سکے گا۔ اس کے بارے میں لکھا ہوا ہے کہ یہ اتنے منٹ کے لئے ہو گا' اس کا یہ مقصد ہے اگر ہم سب کو confuse کرتے رہے تو پھر کام نہیں بن سکے گا۔ میرا خیال اٹارنی جنرل صاحب تشریف لے آئے ہیں تو پہلے ان کو سن لیتے ہیں۔

چوہدری امیر حسین: اٹارنی جنرل صاحب کی رائے تو حتمی رائے ہو گی۔ اگر مجھے اجازت دیں تو میں کچھ عرض کر دوں۔

جناب چیئرمین: میرا خیال تھا کہ آپ کو آخر میں سنا جائے تاکہ ہماری بحث کا جائزہ لے کر کوئی بات کہی جا سکے۔ کیونکہ آپ تو یہاں پر ہوتے ہی ہیں۔ یہ چونکہ آج آئے ہیں۔ اس لئے ان کو پہلے سنتے ہیں۔

جناب محمد صدیق خان کانجو: جناب والا' میرا بھی ریزولیوشن ہے پہلے یہ کر لیا جائے۔

جناب چیئرمین: میرا خیال ہے کہ پہلے یہ ہو جائے۔

جناب محمد صدیق خان کانجو: مجھے ایک ضروری ایک ضروری کام کے سلسلے میں جانا تھا۔

جناب چیئرمین: تو پھر آپ ہو آئین۔ کیونکہ یہ ایک pending مسئلہ تھا' اور اس کے لئے آج کا ٹائم فکس کیا ہوا تھا' آج کس کے لئے ٹائم اور ڈیٹ fix ہے' اس کے بعد آپ کا کر لیں گے۔ جی جناب اٹارنی جنرل صاحب۔

Mr. Aziz A. Munshi : Mr. Chairman Sir, I appologize for the delay in coming because I had to attend the meeting and I hope, I am not misunderstood but I understand that the issue before this House is that when the Senate is summoned simultaneously by the President on the advice of the Prime Minister and also requisitioned by a not less than one-fourth of the membership of the Senate which manner of calling the Senate shall prevail.

Mr. Chairman : Or what is to be done?

Mr. Aziz A. Munshi : Or otherwise in other words what else is to be done?

Mr. Chairman : And secondly, there was a subsidiary question which was raised and that was that when I received the requisition, it was signed by 30 members and before I receive the requisition, I was informed by some members that their signatures on the requisition be disregarded, now what is the effect of that request. Now although it did not make material difference to the requisition itself because even if I excluded those members. I still had one-fourth of the total membership of the House but nevertheless this question can arise in future also. So, if you can kindly give some thought to that.

Mr. Aziz A. Munshi : So long as sir, the substantive require of one-fourth of the membership of the Senate is met, the requisition would be in order.

Mr. Chairman : Supposing that after this information, it falls below that level, then what happens.

Mr. Aziz A. Munshi : Then of course, it is not met.

جناب چیئرمین: اس کو دیکھ لیں۔

Mr. Aziz A. Munshi : May I invite your attention Mr. Chairman to Article 54 Clause 3;

> "On a requisition signed by not less than one-fourth of the total membership of the National Assembly, the Speaker shall summon the National Assembly to meet, at such time and place as he thinks fit, within 14 days of the receipt of the requisition; and when the Speaker has summoned the Assembly only he prorogues it"

This is to be read with Article 61, which makes the provisions of Article 54, applicable *mutatis mutandis*. Now I read Article 61;

> " The provisions of clause (2) to (7) of Article 53, clauses (2) and (3) of Article 54 and Article 55 shall apply to the Senate as they apply to the National Assembly and, in their application to the Senate, shall have effect as if references therein to the National Assembly, Speaker and Deputy Speaker were references, respectively, to the Senate, Chairman and Deputy Chairman (and as if, in the proviso to the said clause (2) of Article 54, for the words etc.,...."

Now the relevant question is that there are two concurrent rights given to two bodies, two constitutional entities. One is; the Presiding acting on the advice of the Prime Minister, summoning the session of the Senate and second is; the right given to one-fourth of the membership of the Senate to requisition a meeting of the Senate. Normally this is, I would say in a norma situation, extraordinary situation, normally this would not happen that when the requisition is being done or when the President is summoning the Assembly or the Senate, the requisition is also simultaneously being done. Be that as it may as it appears so happened this time by accident, the question is, what is to be done by the Chairman of the Senate. Here, the requirement and the obligation of Article 54 Clause 3 read with Article 61 is that it is the Chairman who is given the right to

summon. Now can the Chairman summon the already summoned Senate, answer is' no', but then the second question is, can the right of the requisitioning members be defeated or can it be negated or can it be undermined in any way, going by the spirit of the question, I think it is for the House itself to resolve this difficulty because in requisitioning the House or a meeting of the Senate, the idea is that certain items of agenda be discussed. The business of the House is to be conducted by the Chairman but Article 55 is applicable to the proceedings of this House and under Article 61, the provision is very clear that;

> "The provisions of clause (2) to (7) of Article 53, clauses (2) and (3) of Article 54 and Article 55 shall apply to the Senate...."

Now if Article 55 is applicable whatever can not otherwise be resolved - will be resolved under Article 55. Article 55 Clause 1 says:

> "Subject to the Constitution, all decisions of the National Assembly (that is the Senate) shall be taken by majority of the members present and voting, but the person presiding shall not vote except in the case of equality of votes."

Now here the question in controversy is whether to go by the business - official business before the House or also they include the agenda which is sought to be included by the requisitioning members. This is the short controversy. I would suggest in all humility that it is entirely left to the wisdom of the Chairman and the House itself to regulate the agenda by themselves. Constitutional provisions are other to be respected and if accommodate can be done, it may be done, otherwise what appears to be very clear is that the requisition itself tends to become or has become infructuous. Now whichever course this House wants to adopt in the light of the provisions of Article 55 and which ever course you Mr. Chairman want to adopt here keeping in view the feelings of the House is open, constitutionally it is possible but I would humbly submit that the wishes of all members are respected an Article 55 be followed. This is my explanation.

Mr. Chairman : Is there any way in which you can reconcile the provisions of Article 54(3) and the powers of the President to summon the Senate?

Mr. Aziz A. Munshi : Yes. It is for the House to decide whether to take up the items of the Agenda or not. This is the only my it can be reconciled. In consonance with the provisions of the Constitution Article 55 to be resorted to if the House by majority vote decides that these items be discussed let than be discussed. If the House decides not to discuss these items then the requisition takes place I would not comment further on it, sir.

Mr. Chairman : You see there is an obligation placed the Chairman if a requisition is received signed by one-forth of the total membership and that is the Constitutional obligation it obliges the Chairman to summon the Senate. Now that right which is a concurrent right is as it were in some way curtailed by the action of the President in calling a session. There is no doubt that the President has the power it is his independent right end he does that. But in this process the right conferred on the members is defeated you had said that these are two independent rights. So how can interpret this so that right is not defeated?

Mr. Aziz A. Munshi : The right is there. But there are two rights. One is the right of the Constitutional authority of the Prime Minister to advise the President to call the Senate, which he has done. Is it not that right? Simultaneously there is a right of one-forth of the members of the Senate also to requisition it. Having done that whatever right is exercised it is again to subject to the provisions of Article 55. If any difficulty arises then all decisions of the Senate are to be taken in the light of Article 55.

Mr. Chairman: No. That will be only as you are quite right, that as far as the business of the House is concerned whether the House wants to discuss that or not that at 55. But the question is that the power to summon the senate. You know business will come later. The Senate has been given to twenty-two members of this House, they have exercised that power they have given the requisition now that right is being deferred by the action of the President in overcoming the Senate which he has the right to do also, but that right is then being taken away. So, to the extent that the question of

business being discussed is concerned I think, that can be resolved in the House itself. But what about this right to summon independently by the members of the Senate themselves?

